Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | بدھ 21 دسمبر 2022ء 25 جمادی الاول 1444ھ 06 پوہ 2079 ب | صفحات 04 / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 305

توانائی بچت، بازار ریستوران 8 بجے، شادی ہال رات 10 بجے بند کرنے کا فیصلہ

کفایت شعاری کی پالیسی پر 22 دسمبر کو عمل شروع کیا جائے گا اور اس سلسلے میں صوبوں سے بھی رائے لی جائے گی، خواجہ آصف

قوم اس بیانیہ کے ساتھ کھڑی ہے، توشہ خانہ طویل کہانی ہے، اس میں مزید چیزیں سامنے آئیں گی۔ کابینہ اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی حکومت نے توانائی کی بچت کے لئے مختلف اقدامات کا اعلان کیا ہے، جس کے مطابق بازار، ریستوران 8 بجے اور شادی ہال رات 10 بجے بند کرنے کے علاوہ دیگر کئی اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد وزیر دفاع خواجہ آصف نے قمر زمان کائرہ اور مریم اورنگزیب کے ساتھ میڈیا بریفنگ میں کہا کہ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا کہنا تھا کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی اداروں کے سربراہان کا چناؤ، معاہدہ پر بعض کارکنان کے تحفظات، آزاد کونسلرز کا اتحاد برقرار

مقامی قیادت کو اعتماد میں لئے بغیر کئے گئے فیصلہ سے پارٹیوں کو نقصان ہوگا جس کا ازالہ کرنا مشکل ہو جائیگا اور کچھ رہنماؤں کی سیاست ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گی، پیپلز پارٹی، ن لیگ کے کارکنان کا اظہار

آزاد حیثیت سے منتخب ہونے والے کونسلرز کے مابین بات چیت کا عمل جاری، حکمران جماعت کی حمایت کا امکان، حکمران جماعت سمیت دیگر جماعتیں بلدیاتی اداروں کے سربراہان کیلئے جوڑ توڑ میں مصروف

راولاکوٹ، پانیولہ (دھرتی نیوز، نامہ نگار) بلدیاتی اداروں کے سربراہان کے انتخابات کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور جے کے پی پی کے معاہدہ پر پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے بعض منتخب کونسلرز اور کارکنان نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ مقامی قیادت کو اعتماد میں لئے بغیر کئے گئے فیصلہ سے پارٹیوں کو نقصان ہوگا جس کا ازالہ کرنا مشکل ہو جائیگا اور کچھ رہنماؤں کی سیاست ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گی، دوسری جانب آزاد حیثیت سے منتخب ہونیوالے پانچوں کونسلرز اب ایک ایجنڈا پر متفق ہو چکے ہیں اور امکان ہے کہ وہ پانچوں کسی بھی وقت حکمران جماعت کی حمایت کا اعلان کر سکتے ہیں، گزشتہ روز بھی آزاد کونسلر میں بات چیت کا عمل جاری رہا اور آنیوالے دو تین دن اہم ہیں ضلع کونسل، یونین کونسل، میونسپل کمیٹیوں، ٹاؤن کمیٹیوں کے علاوہ میونسپل کارپوریشن (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: سپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری انوار الحق کی زیر صدارت اجلاس سے وزراء کرام و ممبران اسمبلی خطاب کر رہے ہیں۔

کشمیریوں کی حمایت جاری رکھیں گے، صدر علوی

وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس کی ملاقات

صدر پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ایوان صدر میں ملاقات کی، صدر پاکستان نے آزاد کشمیر میں 32 سال بعد بلدیاتی الیکشن کا انعقاد ممکن بنانے پر وزیراعظم آزاد کشمیر کو مبارکباد پیش کی

حکومت آزاد کشمیر کے اقدامات سے صدر کو آگاہ کیا گیا، کشمیریوں کی منزل پاکستان ہے اور وہ یہ منزل حاصل کر کے رہیں گے، بیس کیمپ کی حکومت اپنے کشمیری بھائیوں کی مدد کیلئے سرگرم عمل ہے، سردار تنویر الیاس

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر مملکت پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر و صدر پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ صدر پاکستان نے آزاد کشمیر میں 32 سال بعد بلدیاتی الیکشن کا انعقاد (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم شہباز سے آصف زرداری سے ٹیلیفونک رابطہ

دونوں کا پرویز الٰہی کو ایوان سے اعتماد کا ووٹ نہ لینے دینے کا عزم

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ذرائع نے دعوی کیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں دونوں رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ وزیراعلی پرویز الٰہی (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

اسمبلی اجلاس، ویمن یونیورسٹی کے مظفرآباد، کوٹلی، راولاکوٹ میں کیمپس قائم کرنے کا مطالبہ

یونیورسٹیز کے اندر طالبات کے حوالہ سے مختلف سکینڈلز کی وجہ سے والدین بچیوں کے تعلیمی مستقبل سے انتہائی تشویش میں مبتلا ہیں

ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو اب فعال ہو کر اپنا کام شروع کرے گی اور یونیورسٹی میں خواتین کو درپیش مسائل کو حل کریں گے، اسپیکر

مظفرآباد (کے این این) آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس سپیکر چوہدری انوار الحق کی زیر صدارت منگل کے روز منعقد ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں مشیر حکومت برائے مذہبی امور و اوقاف حافظ رضا نے گزشتہ عرصہ کے دوران وفات پا جانے والے جملہ فوت شدگان کے بلندی درجات (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سپیکر چوہدری انوار الحق کی زیر صدارت آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں ممبر اسمبلی (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان ملاقات کر رہے ہیں۔

مسلم کانفرنس کو ایک نئی متحرک اور فعال ٹیم کے ساتھ میدان میں اتارا جائے گا، سردار عتیق

مسلم کانفرنس کی روایت ہے کہ ہم اپنا اُمیدوار میدان میں نہیں اتارتے لوگ از خود کسی شخص کا نام صدارت کے لیے تجویز کرتے ہیں

آزاد کشمیر میں ہونے والی خرابیوں کے ازالہ کے لیے ایک مضبوط اور متحرک مسلم کانفرنس کا وجود ضروری ہے، صدر مسلم کانفرنس

مظفرآباد، راولپنڈی (کے این این) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے قائد و نومنتخب صدر سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان اور اور قائد ملت رئیس الاحرار چوہدری غلام عباس کے مشن کی تکمیل کے لیے کام کریں گے۔ بزرگوں کی رہنمائی سے مسلم کانفرنس (بقیہ 49 صفحہ 03 پر)

آصف علی زرداری، چوہدری شجاعت کے درمیان اہم ملاقات

پنجاب اسمبلی میں اعتماد کے ووٹ اور تحریک عدم اعتماد پر حتمی مشاورت کی

لاہور (صباح نیوز) سابق صدر آصف زرداری اور مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے اتفاق کیا ہے کہ پنجاب میں بہت جلد ہمارا وزیر اعلی ہوگا۔ لاہور میں سابق صدر آصف علی زرداری اور مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین کے درمیان ملاقات ہوئی۔ اس (بقیہ 50 صفحہ 03 پر)

قانون ساز اسمبلی کا اجلاس آج گیارہ بجے تک ملتوی

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سپیکر چوہدری انوار الحق کی زیر صدارت آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں ممبر اسمبلی سردار محمد حسین کی رخصت کی درخواست اتفاق رائے (بقیہ 51 صفحہ 03 پر)

صدر آزاد کشمیر کی بحرین کے قومی دن کی تقریب میں شرکت

تقریب میں سفارتکاروں، اعلی سول و عسکری حکام کی شرکت

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی سلطنت بحرین کے قومی دن کی تقریب میں خصوصی شرکت۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کا تقریب میں آمد پر سلطنت بحرین کے سفیر محمد ابراہیم عبدالقادر نے گرم جوشی سے استقبال کیا۔ اس موقع پر تقریب میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، سعودی عرب کے سفیر نواف بن (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: صدر بیرسٹر سلطان محمود، بحرین کے سفیر محمد ابراہیم عبدالقدر، سعودی عرب کے سفیر نواف بن سید المالکی و دیگر سلطنت بحرین کے قومی دن کے موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب میں شریک ہیں۔

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر کا سلطنت بحرین کے قومی دن کی تقریب میں آمد پر بحرین کے سفیر استقبال کر رہے ہیں۔

آزاد کشمیر حکومت کو تسلیم کرنے سے ہی مسئلہ کشمیر پر مثبت پیش رفت ہو سکتی ہے، فاروق حیدر

منزل پاکستان ہے جس کا تعین ہمارے آباؤ اجداد نے کیا تھا، ایسی باتیں منسوب کی جا رہی ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں

او آئی سی میں کشمیریوں کو مبصر کی سطح پر نمائندگی ملنی چاہیے، خود مختار کشمیر کا حامی تھا نہ ہوں، مجھ سے منسوب خبر من گھڑت اور بے بنیاد ہے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر و مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ ہماری منزل پاکستان ہے جس کا تعین ہمارے آباؤ اجداد نے کیا تھا، آئے روز ان سے ایسی باتیں منسوب کی جا رہی ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں، میرا موقف اور دو ٹوک واضح ہے کہ مسئلہ کشمیر اجاگر کرنے کا بیرون ملک کام کشمیری قیادت کو سونپا جائے تو اس کے بہتر نتائج سامنے آ سکتے ہیں کیوں کہ عالمی (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

یونین کونسل بنجونسہ حسین کوٹ وارڈ منجاڑی میں بلدیاتی انتخابات 25 دسمبر کو ہوں گے

امیدواران میں محمد امتیاز انجم، محمد نجیب خان، محمد رمضان خان، غلام مرتضیٰ، محمد ادریس کے مابین انتخابی مقابلہ ہوگا

پولنگ کا عمل صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گا، اس وارڈ میں ایک امیدوار کی وفات پر الیکشن ملتوی ہوئے تھے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) یونین کونسل بنجونسہ حسین کوٹ وارڈ منجاڑی میں بلدیاتی انتخابات 25 دسمبر کو ہوں گے ریٹرنگ آفیسر راولاکوٹ کے دفتر سے جاری شیڈول کے مطابق پولنگ کا عمل صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گا، کل امیدواران کی تعداد 5 ہے جس میں (بقیہ 52 صفحہ 03 پر)

پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل ترمیمی بل سمیت متعدد بلز منظور

اسلام آباد میں ممانعت سود نجی قرضہ جات ترمیمی بل 2022 منظور ہو گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل ترمیمی بل سمیت دیگر بلز منظور کر لیے گئے۔ مشترکہ اجلاس کے دوران عالمی تبدیلی (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

پی ٹی آئی کے 123 ارکان کا کل سپیکر کے سامنے پیش ہونے کا فیصلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) قومی اسمبلی سے مستعفی ہونے کے معاملے پر پی ٹی آئی کے 123 ارکان نے جمعرات کو سپیکر کے (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد بلاک کرنے کیلئے کمیٹی بنانے کا فیصلہ

توہین آمیز مواد روکنے کے لیے سافٹ ویئر بنانا پڑے گا، اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (صباح نیوز) سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد بلاک کرنے کے معاملے پر وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، پی ٹی اے اور ماہرین آئی ٹی پر مشتمل کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شگفتہ جمانی کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی ذیلی کمیٹی برائے مذہبی (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

نواز شریف کی واپسی میڈیکل کلیئرنس سے مشروط ہے، اسحاق ڈار

انتخابات کی تاریخ کا فیصلہ الیکشن کمیشن نے ہی کرنا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ نواز شریف کی وطن واپسی میڈیکل کلیئرنس سے مشروط ہے، پاکستان ڈیفالٹ نہیں کرے گا۔ اسحاق ڈار نے (بقیہ 53 صفحہ 03 پر)

وفاقی کابینہ اجلاس کا کوئی اعلامیہ جاری نہیں ہوا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ کے منگل اجلاس کا کوئی (بقیہ 54 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: چیف سیکرٹری آزاد کشمیر محمد عثمان چاچڑ ریسورسز اور فنانشل مینجمنٹ کے حوالہ سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سنا ہے مودی کی پارٹی نے میرے سر کی قیمت لگائی ہے، بلاول بھٹو

ثابت ہوتا ہے کہ میں نے بھارتی وزیراعظم کے بارے جو کہا وہ درست کہا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سنا ہے کہ مودی کی پارٹی نے میرے سر کی قیمت 2 کروڑ روپے مقرر کی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

سول سرونٹ انجینئرز کی عبوری تنظیم کا اعلان، سردار زبیر ایوب خان صدر، سید یاسر گیلانی سیکرٹری جنرل نامزد

چوہدری احمد علی سرپرست اعلیٰ، سید وحید ظفر گیلانی چیف آرگنائزر، کاشف علی گردیزی سیکرٹری مالیات، محمد نذیر مغل سینئر نائب صدر

امجد صدیق، نیاز کیانی، مبشر سرفراز، محمود راٹھور، ندیم سرور نائب صدور، عمران مختار، ابوبکر مزمل کو سیکرٹری اطلاعات ہوں گے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) جملہ سول سرونٹ انجینئرز آزاد حکومت کی اہم میٹنگ انجینئر چوہدری احمد علی کی زیر صدارت مظفرآباد میں منعقد ہوئی جس میں انجینئرز کی عبوری تنظیم پر اتفاق کیا گیا اور عبوری عہدیداران کا انتخاب بھی عمل میں لایا گیا جس کے مطابق انجینئر چوہدری احمد علی سرپرست اعلیٰ، انجینئر سردار زبیر ایوب خان صدر، انجینئر سید یاسر علی گیلانی جنرل سیکرٹری، انجینئر کاشف علی گردیزی سیکرٹری مالیات، انجینئر عمران مختار سیکرٹری (بقیہ 55 صفحہ 03 پر)

AT CHIEF MINISTER

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ طارق عباس قریشی کو ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کا رینک پہنا رہے ہیں۔

او آئی سی رکن ممالک ہندوستان کا سیاسی، سفارتی اور معاشی بائیکاٹ کریں، ڈاکٹر خالد

اقوام متحدہ کے چارٹر اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا مرتکب ہو رہا ہے، حریت قائدین کو خطرات لاحق ہیں

نریندر مودی اپنے متعصبانہ ایجنڈے کو مسلسل آگے بڑھا رہا ہے کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے نوٹس لیا جائے، امیر جماعت اسلامی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ ہندوستان جماعت اسلامی اور کشمیری قیادت کی جائیدادوں سمیت وقف املاک درگاہوں کو ضبط کر کے اقوام متحدہ کے چارٹر اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا مرتکب ہو رہا ہے، عالمی اور اسلامی برادری نوٹس لے (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

عمران ذہنی توازن کھو چکے، گورنر پنجاب کا اجلاس بلانا آئینی ہے

پرویز الٰہی نے اعتماد کا ووٹ نہ لیا تو ہاؤس کو سیل کر دینگے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ اگر کل (بدھ) کے روز پنجاب اسمبلی کا اجلاس نہ ہوا اور وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے اعتماد کا ووٹ نہ لیا تو وزیر اعلیٰ ہاؤس کو سیل کر دیا جائے گا۔ گورنر پنجاب اس معاملہ پر کوئی بھی ایکشن لے سکتے ہیں۔ گورنر پنجاب (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

احتساب بیورو کی کارروائی، بینک سکینڈل کا مرکزی ملزم گرفتار

چند روز قبل اسی کیس میں تعمیرات عامہ کے کیشئر کو بھی گرفتار کیا گیا تھا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر احتساب بیورو کی بڑی کارروائی، کروڑوں روپے کے میگا بینک سکینڈل کیس میں ملوث مرکزی ملزم افتخار احمد حیدری مینیجر نیشنل بینک سول سیکرٹریٹ برانچ (وقت) حال مینیجر نیشنل بینک گڑھی دوپٹہ کو احتساب بیورو کی انویسٹیگیشن ٹیم نے گرفتار کر کے (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی رہنماء عبدالناصر خان کی جانب سے متحدہ اپوزیشن کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے موقع پر شرکاء کا چوہدری یاسین کے ہمراہ گروپ فوٹو

قاضی جنت غازی ملت پریس کلب کے نائب صدر نامزد

عہدہ کچھ عرصہ سے خالی تھا، مجلس عاملہ کے اجلاس میں منظوری دی گئی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) معروف صحافی قاضی جنت حسین کو غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کا نائب صدر نامزد کیا گیا ہے، ان کی نامزدگی پریس کلب کی مجلس عاملہ کے اجلاس (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

عالمی بینک کے پاکستان کیلئے ایک ارب 69 کروڑ ڈالر منظور

رقم سیلاب زدہ علاقوں میں بحالی کے کاموں پر خرچ کی جائے گی، بینک

اسلام آباد (صباح نیوز) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے ایک ارب 69 کروڑ ڈالر کی منظوری دے دی۔ ورلڈ بینک کے بورڈ آف ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے اجلاس میں (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

ممنوعہ فنڈنگ، الیکشن کمیشن نے شوکاز نوٹس پر پی ٹی آئی کے اعتراضات پر فیصلہ محفوظ

فنڈنگ ضبط ہونے کا نوٹس پولیٹیکل پارٹیز آرڈر کے رول 6 کے تحت دیا گیا، نوٹس الیکشن کمیشن نے جاری کرنا ہوتا ہے، وکیل پی ٹی آئی

نوٹس سیکرٹری بھی جاری کرے تو فرق کیا پڑے گا: ممبر الیکشن کمیشن، الیکشن کمیشن کے علاوہ کسی کو نوٹس جاری کرنے کا اختیار نہیں، انور منصور

اسلام آباد (صباح نیوز) ممنوعہ فنڈنگ ضبطگی کیس میں الیکشن کمیشن نے شوکاز نوٹس پر پاکستان تحریک انصاف کے اعتراضات پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ تحریک انصاف کے وکیل انور منصور خان اور الیکشن کمیشن کے ایڈیشنل ڈی جی لا نے کمیشن میں اپنے دلائل دیئے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف بھی الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ وکیل پی ٹی آئی انور منصور نے دلائل میں کہا کہ فنڈنگ ضبط ہونے کا نوٹس پولیٹیکل پارٹیز آرڈر کے رول 6 کے تحت (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

پانیولہ، نجی ادارے کی معلمہ راولپنڈی میں دوران سفر لٹ گئیں

چالیس ہزار نقد، شناختی کارڈ اور دیگر ضرورت دستاویزات سے محروم

پانیولہ (نامہ نگار) پانیولہ کی معلمہ راولپنڈی میں لٹ گئی میٹرو بس پر سفر کے دوران خاتون چور نے مبینہ طور پر چالیس ہزار نقد شناختی کارڈ سمیت دیگر ضروری دستاویزات سے (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

آزاد کشمیر کے انتہائی باصلاحیت،
ہردلعزیز، فرض شناس پولیس آفیسر
سردار راشد نعیم
کو ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) اسلام آباد
تعینات ہونے پر دلی مبارکباد مبارک باد پیش کرتے ہیں
دعا گو ہیں کہ اللہ پاک انہیں مزید کامیابیاں و کامرانیاں عطا کریں۔
منجانب: روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ

Editorial

ایڈیٹوریل

آزاد کشمیر میں الٹی گنگا بہتی ہے

چنار ☆☆☆ پروفیسر ریاض اصغر ملوٹی

آزاد کشمیر میں اس وقت شرح خواندگی 84 فیصد ہے۔ ایک قومی ادارے کی جانب سے حالیہ سروے اور تعلیمی رینکنگ میں بتایا گیا ہے۔ پاکستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے تمام اضلاع میں ضلع باغ ملک بھر میں پانچویں نمبر پر ہے جبکہ آزاد کشمیر کے دس اضلاع میں پہلے نمبر پر ہے۔ یہ بہت خوش آئند پہلو ہے کہ ملک میں شرح خواندگی میں آزاد کشمیر تعلیمی میدان میں آگے ہے۔ کسی معاشرے یا ریاست کی ترقی میں تعلیم ہی سب سے بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ تعلیمی ترقی کی وجہ سے تمام شعبے اور محکمے نیز انفرادی و اجتماعی ترقی ہوتی ہے۔ معاشرے پر اس کے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس قدر بلند شرح خواندگی کے باوجود کیا وجہ ہے کہ ساڑھے چار ہزار مربع میل 42 لاکھ آبادی اور 10 اضلاع کی نیم خود مختار ریاست میں انفرادی و اجتماعی مختلف شعبہ جات اور محکموں کے ساتھ اہم حکومتی شخصیات کے کردار اور عمل میں نہ مثبت تبدیلی ہے اور نہ وہ معیار ہے جو ہونا چاہیئے۔ حکومت اور ذمہ دار محکموں وشعبوں کے فیصلے بھی معیار کے نہیں ہوتے۔ نامناسب اور غیر معیاری فیصلے عملی طور پر ہماری بلند شرح خواندگی کی نفی کرتے ہیں۔ قانون ساز اسمبلی کے اندر گفتگو معیار، بحث، اخلاقی قدریں اور روایات اکثر اوقات دیکھ کر شرم آتی ہے۔ اسمبلی مقدس ادارہ ہے یہاں معاشرے یا انسانیت کی فلاح کے لئے قانون سازی ہوتی ہے اور آئین و قانون بنانے والے ہمارے معاشرے سے منتخب اہم لوگ ہوتے ہیں۔ جس شعبے یا محکمے کا آپ جائزہ لیں آپ کو وہ معیار نظر نہیں آئے گا جو 84 فیصد شرح خواندگی رکھنے والوں کا ہونا چاہیئے۔ بہت سی امثال موجود ہیں تاہم ایک مثال دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ 2021ء میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے الیکشن ہوئے جس میں حکومت اور الیکشن کمیشن نے ممبر اسمبلی کے لئے تعلیم کی شرط نہیں رکھی یعنی میٹرک فیل یا میٹرک سے بھی کم تعلیم والا شہری قانون ساز اسمبلی کا ممبر بن سکتا ہے۔ اسی الیکشن کمیشن اور آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر نے حالیہ بلدیاتی انتخابات 2022ء کے لئے یہ فیصلہ صادر فرمایا کہ بلدیاتی ممبران کے لئے میٹرک پاس شرط لازمی ہوگی۔ کوئی بھی ممبر یونین کونسل، ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن یا میونسپل کمیٹی صرف اسی صورت الیکشن میں حصہ لے سکتا ہے کہ وہ میٹرک پاس ہو۔ ان دو متضاد فیصلوں سے یہ ثابت ہوا کہ قانون ساز اسمبلی کا ممبر غیر اہم ہے اور یونین کونسل کا ممبر زیادہ اہم ہے۔ بلدیاتی نظام کی اہمیت قانون ساز اسمبلی سے زیادہ بلند اور اہم ہے۔ دونوں فیصلوں کا عمیق نظروں سے جائزہ لینے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ آزاد کشمیر میں الٹی گنگا بہتی ہے۔ فیصلہ ساز اداروں پر ہنسی آتی ہے۔ عجیب مذاق ہے۔ ایک ہی ریاست اور حکومت کے اندر دورخی پالیسی کا کیا مقصد ہے؟ ہونا تو یہ چاہیئے کہ قانون ساز اسمبلی کے ممبر کے لئے تعلیمی پوسٹ گریجوایٹ یا کم از کم گریجوایشن تو بہر صورت ہو اور بلدیاتی ممبران کیھ لئے کم از کم تعلیمی معیار میٹرک درست فیصلہ ہے۔ ایک تعلیم یافتہ شخص ہی اسمبلی کے اندر بہتر انداز سے آئین و قانون سازی اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ 84 فیصد شرح خواندگی رکھنے والی ریاست میں اگر میٹرک سے بھی کم تعلیم رکھنے والے ممبران اسمبلی بیٹھیں گے اور ان ہی میں سے کابینہ بھی بنے گی تو پھر ایسے معاشرے اور ریاست کا اللہ ہی حافظ ہے۔ الٹی گنگا بہنے والی بات اس لئے بھی درست ہے کہ ایک گریجوایٹ ہی نہیں بلکہ پوسٹ گریجوایٹ اور پی ایچ ڈی سکالرز بھی مجبور ہیں کہ وہ میٹرک فیل یا اس سے بھی کم تعلیمی معیار رکھنے والے امیدوار کو ووٹ دیتا ہے۔ ویسے بھی مغربی پارلیمانی جمہوریت کی یہ خامی ہے کہ ریاست کا ایک عالم فاضل پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر اور ناخواندہ یعنی دستخط بھی نہ کرنے والے دونوں کے ووٹ کی حیثیت اور اہمیت برابر ہے۔ سر گنے جاتے ہیں تعداد پوری کی جاتی ہے۔ گنتی میں جو آگے ہے وہ عوام کا منتخب نمائندہ ہے۔ اس کی تعلیم میٹرک سے بھی کم ہونا کوئی مسلہ نہیں۔ اگر پولیس یا فوج میں ایک سپاہی اور نائب قاصد کے لئے میٹرک کی تعلیم لازمی ہے تو آئین اور قانون بنانے والے کے لئے تعلیمی معیار کو کیوں اہمیت نہیں دی جاتی؟ یہ وہ سوال ہے جو میں تمام محب وطن با شعور شہریوں، ممبران قانون ساز اسمبلی، صدر و وزیر اعظم، تمام وزراء، اعلیٰ عدالتوں کے ججز اور سینئر بیروکریٹس سے پوچھتا ہوں۔ ایک یہ پہلو بہت ہی اذیت ناک ہے جس کی میں نے نشاندہی کی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے غیر معیاری فیصلوں پر نظر ثانی کی جائے۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی باقاعدہ قانون سازی کرکے ممبر اسمبلی کے لئے کم ازکم معیار گریجوایٹ اور بلدیاتی ممبران کے لئے میٹرک کی شرط لازمی رکھے۔ دوسرا پہلو ہماری پست معیار تعلیم ہے۔ کوالٹی آف ایجوکیشن ایک سوالیہ نشان ہے اس لئے کہ 84 فیصد شرح خواندگی کے باوجود ہمارا ہر شعبہ روبہ زوال ہے کیوں؟ جس معاشرے میں 100 میں سے 84 فیصد لوگ پڑھے لکھے ہوں وہاں تو معاشرہ ہر لحاظ سے مثالی ہونا چاہیئے۔ بھاری چارہ، اتفاق و اتحاد، امن و سکون، اعلیٰ اخلاق، دیانت، امانت، سچ، انصاف، میرٹ، اصول پسندی، خوش خلقی، سنجیدگی و شائستگی، تعمیری سوچ اور قانون و آئین کا احترام واضح نظر آئے جبکہ ہماری صورت حال یکسر اس کے الٹ ہے۔ میرے نزدیک اس کی بنیادی وجہ ہمارا پست معیار تعلیم ہے۔ تعلیمی اداروں میں صرف زبانی یاد کرایا جاتا ہے۔ نمبرات کے حصول کی دوڑ لگی ہوئی ہے۔ نوجوان نسل کی تربیت کا کوئی مربوط نظام نہیں ہے۔ 84 فیصد معیار تعلیم بصورت اسناد اور ڈگریاں تو ہے مگر معیار کوئی نہیں ہے۔ ہمارا معیار بالکل ان پڑھ معاشرے کی عکاسی کر رہا ہے۔ آپ جس شعبے میں بھی جائیں رشوت و سفارش کے بغیر جائز کام بھی نہیں کرا سکتے۔ بڑے بڑوں کی اخلاقی قدریں بہت ہی پست ہیں۔ دفتروں میں جائیں تو حالات دیکھ کر خوف آتا ہے۔ تعلیمی اداروں اور گھروں میں نوجوان بچوں و بچیوں کو درست سمت میں تربیت کی جائے۔ تعلیمی اداروں میں یعنی پرائمری سے یونیورسٹی کی تعلیم تک اساتذہ کرام تعلیمی نصاب پڑھانے کے ساتھ ساتھ اسلامی و مشرقی روایات واقدار پر مبنی تربیت بھی کریں تا کہ ہماری نوجوان نسل عملی زندگی میں مختلف شعبوں کے اندر آکر انسانیت کا احترام بھی کریں اور انسانیت کی خدمت بھی کریں۔ منتخب ممبران اسمبلی حکومت کے عہدیداران عدلیہ اور انتظامیہ فیصلے کرتے وقت پالیسیاں بناتے وقت خیال رکھیں۔ معیاری فیصلے کریں۔ اچھے فیصلے کریں تا کہ ریاست اور معاشرے کو فائدہ پہنچ سکے۔ ایسے فیصلے نہ کریں جو مذاق بن جائیں۔ یہ پہلو سامنے رکھیں کہ ہم ایک مہذب معاشرہ ہیں اور ہماری شرح خواندگی 84 فیصد ہے۔ ہماری چھوٹی سی ریاست ہے جہاں ہم بہتر فیصلے کر کے مثال قائم کرسکتے ہیں۔

پاکستان میں شدت پسندی......امریکی پیشکش

سیدزاہد حسین نعیمی
szahidhussainnaeemi@yhaoo.com

پاکستان میں حالیہ دوران شدت پسندی میں اضافہ ہوا ہے، اس کا خاص نشانہ بلوچستان، وزیرستان اور پاک افغان سرحدی پٹی بنی ہے۔ اس حالیہ دہشت گردی کا اعتراف نیشنل کاؤنٹر ٹرازم اتھارٹی (نکٹا) نے کیا۔ اکثر دہشت گرد حملوں کی ذمہ داری تحریک طالبان پاکستان نے قبول کی ہے۔ گزشتہ دور حکومت میں تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ مذاکرات کی بازگشت تھی۔ حکومت نے ان کے کچھ لوگوں کو رہا بھی کیا تھا، ہم نے اس وقت بھی اپنے کالموں کے ذریعے یہ کہا تھا کہ شدت پسندوں کو نیشنل ایکشن پلان کے تحت عدالتی کارروائی کے ذریعے سزائیں دی جائیں اور انسداد دہشت گردی کے لئے قائم کی جانے والی فوجی اور سول عدالتوں کو بحال کیا جائے۔ اس پر قومی اتفاق تھا۔ حکومت اور اپوزیشن آپس میں گریباں رہے۔ اسٹبلشمنٹ سیاسی اکھاڑ بچھاڑ میں لگی رہی اور یوں دہشت گردوں سے توجہ ہٹ گئی۔ انہیں کھلی چھٹی ملی، یوں اُنہوں نے خود کو منظم کر لیا۔ شدت پسندوں نے ایک چال یہ بھی چلی کہ مذاکرات کا جھانسہ دے کر خود کو پھر سے منظم بھی کرلیا اور اپنی تعداد میں اضافہ بھی کر دیا۔ اس کا اعتراف نکیٹا نے کیا ہے۔ لیکن اب پچھتاوے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہے۔ حالیہ شدت پسندی کے واقعات میں فوج اور فورسز سب سے زیادہ نشانہ بن رہی ہیں۔ اس وقت بھی پاکستان کو اندرونی و بیرونی دونوں اطراف سے شدت پسندی کا سامنا ہے۔ اس کا افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ زیادہ تر دہشت گردی سرحد پار سے ہوتی ہے۔ دہشت گردی پاک افغان سرحد پر یہ معمول بن چکا ہے۔ اس میں بھی کوئی شک کی بات نہیں ہے کہ دہشت گرد افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ پاکستان نے افغانستان کی آزادی اور وہاں امن کی بحالی کے لئے قربانیاں دی تھیں۔ پاکستان نے دہشت گردی کی روک تھام کے لئے پاک افغان سرحد پر باڑ لگائی تھی جو نہ صرف دہشت گردوں کے لئے قابل قبول نہیں بلکہ افغانی حکومت کے لئے بھی قابل قبول نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ افغانستان کی گزشتہ حکومت نے اس ناراضگی کا اظہار کیا تھا اور افغان سیکورٹی فورسز کی طرف سے بلا اشتعال فائرنگ سے پاکستانی فوجی جوان بھی شہید ہوتے رہے ہیں۔ دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد نے جگہ جگہ اس باڑ کو کاٹ دیا تھا۔ حال ہی میں چمن میں پیش آنے والا واقعہ بھی اسی بناء پر ہوا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے قومی اسمبلی میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ ہماری فورسز نے فائرنگ کر کے چھ پاکستانی شہریوں کو شہید کر دیا۔ ہمارے احتجاج پر اُنہوں نے معافی مانگ لی ہے۔ لیکن کیا صرف معافی کافی تھی؟ اس سے قبل بھی چمن چیک پوسٹ پر ایک دہشت گرد نے افغان سے داخل ہوتے ہی وہاں سیکورٹی اہلکاروں پر فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجہ میں شہادتیں ہوئیں۔ اس سے پہلے افغانستان میں پاکستانی سفارت کار پر حملہ ہوا جس میں پاکستانی سفارت کار شدید زخمی ہوا۔ اس حملہ کی ذمہ داری داعش نے قبول کی تھی۔ اس کے بعد پاکستانی وزارت خارجہ کی وزیر مملکت حنا ربانی کھر نے افغانستان کا دورہ کیا تھا اور تمام امور پر پاکستان کا موقف بہت ٹھوس انداز میں پیش کیا تھا۔ حنا ربانی کھر کے واپس آنے کے بعد چمن میں یہ واقع پیش آیا ہے جو قابل توجہ ہے۔ بقول خواجہ آصف افغان حکام نے اس پر معافی مانگی ہے، لیکن اس واقعہ کے ہفتہ کے اندر ہی دوسری بار افغانستان کی طرف سے اسی مقام پر فائرنگ ہوئی ہے جس میں متعدد شہری زخمی ہوئے ہیں، اسے کیا کہا جائے؟ حقیقت یہ ہے کہ افغانستان میں حکومت کسی کی بھی ہو، وہ طالبان ہوں یا پھر کوئی اور۔ وہ پاک افغان سرحد کو ابھی بھی متنازع سمجھتے ہیں۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ جب افغانستان میں طالبان کی موجودہ حکومت وجود آئی تھی، اُنہوں نے واضح اعلان کیا تھا کہ افغان سرزمین کسی بھی دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہوگی اور خاص پاکستان کے لئے استعمال نہیں ہوگی۔ لیکن اس پر عملی جامہ نہیں پہنایا گیا۔ آج افغان حکومت اگر ایک اغواہ شدہ بچے کو چند گھنٹوں میں ڈھونڈ نکال سکتی ہے اور اغواہ کاروں کو پکڑ کر سزا دے سکتی ہے، تو وہ ان دہشت گردوں کو کیوں نہیں ڈھونڈ نکال سکتی؟ انہی حالیہ دہشت گرد واقعات کے تناظر میں امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نیڈ پرائس نے پریس کانفرنس میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد پھر سے افغانستان میں منظم ہو رہے ہیں اور ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم افغانستان کی سرزمین کو پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہونے دیں۔ یہی نہیں بلکہ امریکی صدر نے پاکستان کو تحریک طالبان پاکستان اور داعش کی دہشت گردی کے خلاف اپنے تعاون کی پیشکش بھی کی ہے۔ بلکہ نہ صرف امریکا بلکہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے بھی تحریک طالبان پاکستان اور داعش کو بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں قرار دے کر ان کو کالعدم قرار دیا ہے۔

لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب امریکا افغانستان میں موجود تھا وہ وہاں ان کو کنٹرول نہ کر سکا، اس وقت نہ صرف تحریک طالبان پاکستان کے شدت پسند افغانستان میں پناہ حاصل کرتے رہے اور وہاں سے پاکستان میں شدت پسند حملے کرتے رہے۔ یہی نہیں بلکہ نیٹو فورسز بھی سرحد پار سے پاکستان فورسز کو نشانہ بناتی رہی۔ امریکا اس وقت پاکستان کی کوئی مدد نہیں کر سکا تو اب دہشت گردی کے تدارک میں کیا مدد کرے گا۔ امریکا یہ بھی اچھی طرح جانتا ہے کہ جب وہ افغانستان میں تھا اس کی چھتری نیچے بھارت پاکستان کے خلاف اپنی تخریبی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے تھا۔ بلوچستان سے بھارتی جاسوس اُسی دور میں گرفتار ہوا تھا۔ پھر اس امریکی پیشکش کو کیا سمجھا جائے؟ اب پاکستان وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے سرکاری دورہ پر ہیں۔ اُنہوں نے اقوام متحدہ میں بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے اور پریس کانفرنس کے ذریعے ثبوت بھی پیش کیے ہیں لیکن سب سے بڑا ثبوت تو بھارت کا حاضر سروس اہلکار پکڑا گیا تھا جس کو پاکستانی عدالتوں سے سزا موت ہو چکی ہے۔ اس پر عملدرآمد کیوں نہ ہوا؟ اور بھارت اُسے بین الاقوامی برادری کے پاس لے گیا۔ اب بلاول بھٹو اور امریکا کے درمیان کیا طے پائے گا؟

معلوم نہیں دو طرفہ کن امور پر اتفاق ہوگا؟ یہ تو بعد میں معلوم ہوگا۔ لیکن فی الحال پاکستان کو اپنی جنگ خود ہی لڑنا ہوگی۔ ایک نئے آرمی چیف کی تقرری اس لحاظ سے تسلی بخش ہے۔ وہ دہشت گردی کے تدارک میں اپنا وسیع تجربہ بھی رکھتے ہیں۔ وہ اس پر خاص توجہ دیں گے۔ جیسا کہ اُنہوں نے چارج سنبھالتے ہی بلوچستان کے دورہ پر فوجی جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا۔ اس میں بھی شک نہیں کہ اس وقت پاکستان معاشی طور پر مشکلات کا شکار ہے۔ دیگر کئی مسائل نے پاکستان کو جکڑ رکھا ہے۔ پاکستان پر آئی ایم ایف کے ذریعے اپنا نیوکلیئر پروگرام رول بیک کرنے کا دباؤ بھی ہے۔ لیکن ہمت مرداں مدد خدا پر عمل کرتے ہوئے ان بحرانوں سے پاکستان نکل سکتا ہے۔ لیکن اگر موجودہ حکمران صرف اپنے مقدمات نیب سے ختم کرنے میں لگے رہے تو پاکستان کا خدا ہی حافظ ہے۔ محب وطن طبقہ کو بہر حال اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، وہ جس شعبہ سے بھی تعلق رکھتے ہوں۔

موت کی تلاش

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

ساٹھ سال سے زائد عمر کی بوڑھی عورت جو ہڈیوں کے پراسرار ڈھانچے کی شکل میں کار کی پچھلی سیٹ پڑی تھی نے میری طرف مدد طلب نظروں سے دیکھا اور کہا پروفیسر صاحب کیا آپ میری مدد کرسکتے ہیں میرا دنیاوی مسئلہ کوئی نہیں ہے آپ کے پاس جو بہت سارے لوگ روحانی مدد یا فیض کے لیے آئے ہوئے ہیں میرا مسئلہ اُن جیسا نہیں بلکہ بلکل اُلٹ ہے میں بہت سارے روحانی معالجوں کے پاس اپنا وقت برباد کر کے اب آپ کے پاس بہت امید سے آئی ہوں اِس لیے تا کہ آپ میری مدد کرسکیں میری حالت دیکھ کر آپ کو بخوبی اندازہ ہوگیا ہوگا کہ میں بیماریوں کا چلتا پھرتا اشتہار دھرتی پر جتنی بیماریاں ہیں وہ ساری کی ساری میرے اندر سرنگیں بنا چکی ہیں آپ کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ میں ایک پڑھی لکھی ڈاکٹر ہوں انسانی جسم اِس کی اوقات اور اندرونی نظاموں کو خوب اچھی طرح جانتی ہوں جب بوڑھی عورت نے یہ کہا میں ڈاکٹر ہوں تو میں واقعی پریشان ہوگیا کیس پر اب پراسراریت کا رنگ غالب آگیا تھا بوڑھی عورت کسی نہایت پراسرار بیماری یا مسئلے کا شکار تھی میں نے پچھلی سیٹ پر پڑی لاش نما بوڑھی عورت کو الجھی نظروں سے دیکھا اور بولا جی فرمائیں میں آپ کی کیا مدد کرسکتا ہوں تو بوڑھی مایوس لہجے میں بولی میری مدد تو اب صرف اللہ اور موت ہی کرسکتی ہے لیکن پتہ نہیں پھر بھی میں کیوں آپ جیسے لوگوں پر بھروسہ کر نے آجاتی ہوں بوڑھی عورت شدید مایوسی کا شکار تھی کوئی لاعلاج بیماری تھی جو اِس کی رگوں میں خون کی جگہ گردش کر رہی تھی میں جلدی حقیقت کی تہہ تک پہنچنا چاہتا تھا اِس پراسرار بیماری کی وجہ کیا ہے میں سوالیہ نظروں سے بوڑھی عورت کو دیکھ رہا تھا اب سوالیہ لہجے میں بولا جی ماں جی فرمائیں آپ کا مسئلہ بیماری پریشانی سوال کیا ہے اور میں کس طرح آپ کی مدد کرسکتا ہوں میری بات سن کر بیماریوں کے ڈھانچے نے اٹھنے کے لیے حرکت کی کوشش کی لیکن کسمسا کر پھر گرسی گئی چہرے اور آنکھوں میں موت کی چاپ سنائی دینے لگی خوف کی لہر میری ریڑھ کی ہڈی میں گردش کرنے لگی کیونکہ بوڑھی عورت اٹھنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن بیماریوں کے طویل اثرات بڑھاپا اور نقاہت اُس کو اجازت نہیں دے رہے تھے اُس کی لاچارگی دیکھ کر میں بولا آپ اٹھنے کی کوشش نہ کریں بتانے کی کوشش کریں کہ آپ کے ساتھ مسئلہ کیا ہے مجھے لگا شاید طویل بیماری اور بڑھاپے کی وجہ سے عورت نفسیاتی عوارض کا شکار ہوکر وہمی سی ہوگئی ہو کہ مجھ پر جادو جنات آسیب کا اثر ہوگیا کیونکہ ہمارے ملک میں جب جسم بڑھاپے کی حدود میں داخل ہوتا ہے اور بیماریاں کمزور امیون سسٹم کی وجہ سے حملہ ہوتی ہیں تو دوائیاں اثر نہیں کرتیں تو مریض ایک ڈاکٹر سے دوسرے ڈاکٹر معالج ہسپتال لیبارٹریاں بدلتا نظر آتا ہے پھر اِس وہم کا شکار ہوجاتا ہے کہ مجھ پر نظر بد جادو یا کوئی خوفناک آسیب چڑھ گیا ہے ایسے مریض یہ بھول جاتے ہیں کہ ان کا وقت پورا ہوگیا بڑھاپے کی وجہ سے میٹابولزم اب زیادہ طاقت سے بیماریوں کا مقابلہ نہیں کر رہا اِس لیے کوئی بھی وائرس جراثیم جب جسم پر حملہ آور ہوتا ہے تو مستقل قیام کر لیتا ہے اب میں اِس بوڑھی مریضہ سے ایسی ہی کوئی کہانی سننے کے لیے تیار تھا لیکن بعد میں حقیقت میری سوچ کے بلکل برعکس نکلی میں نے جب بار بار بوڑھی عورت اور اُس کے ڈرائیور سے پوچھا کہ اب آپ میں سے کون بتائے گا کہ اصل مسئلہ یا پریشانی کیا ہے جو آپ مُجھ فقیر تک پہنچے ہیں تو ڈرائیور بولا میڈم کے پاس خط ہے جس میں انہوں نے اپنی ساری بیماری کہانی اور سوالات لکھ دیئے ہیں آپ وہ خط کے کر پڑھ لیں تا کہ آپ کو پتہ چل سکے کہ میڈم آپ کے پاس کیوں آئی ہیں لہذا اب میں مریضہ کی طرف بڑھا اور کہا لائیں وہ خط کہاں ہے جو آپ مجھے پڑھانا یا دینا چاہتی ہیں تو عورت نے کراہ کر کروٹ یا اٹھنے کی کوشش کی لیکن ناکام ہونے پر اشارے سے اپنے ڈرائیور سے کہا اُس کے ساتھ پڑا کاغذوں کا پلندہ مجھے دے دے تو ڈرائیور نے کاغذوں کا کتابچہ نما خط یا کتاب اٹھا کر میری طرف بڑھا دی میں اِس قدر طویل خط یا کاغذات کے لیے بلکل بھی تیار نہ تھا نہ میرے پاس اتنا زیادہ وقت تھا کہ کاغذوں کی پوری کتاب کو تفصیل سے پڑھ سکوں یہاں خط نہ پڑھنے کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے جس کا سامنا اکثر مجھے کرنا پڑھتا ہے بہت سارے لوگوں کو مُجھ فقیر سے یہ اعتراض ہے کہ میں اُن کی ساری بات تفصیل سے نہیں سکتا جبکہ ان کی خواہش ہوتی ہے وہ مجھے اپنی ساری بات تفصیل سے سنا سکیں یا اپنی اندرونی بھڑاس یا ڈپریشن نکال سکیں اور پھر یہ تو عام ہو تا ہے کہ اگر میں ایسے طویل خط بہت سارا وقت لگا کر پڑھ لوں تو معاملہ یہاں ختم نہیں ہو تا بلکہ سارا خط پڑھنے کے بعد مراحل کی اگلی معصوم خواہش یہ ہوتی ہے کہ اب خط میں موجود سوالات پر تفصیل گفتگو کا دور شروع ہو جائے میں صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ اگر آپ خط پڑھوانے کے بعد پھر بات چیت کا ہی راستہ اختیار کرنا ہے تو پھر وقت بچانے کے لیے شروع میں ہی کیوں ناں بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے میں نے بہت کوشش کی لیکن بوڑھی عورت بضد تھی کہ اُس کا طویل خط پڑھا جائے لہذا میں نے خط پڑھنا شروع کیا طویل خط جیسے جیسے میں پڑھتا جا رہا تھا رونگٹے کھڑے ہوتے جا رہے تھے کافی وقت لگا کر خط کیا معافی نامہ پڑھا جس کے مطابق عورت نے اپنی ساری زندگی کی کہانی لکھی ہوئی تھی طاقت جوانی پیسے کے نشے میں خدا کو بھول کر زندگی گزارنے والی کی جب پکڑ شروع ہوئی تو معافی معافی کرتی نظر آئی خط کے بقول سر میں کامیاب گائنی ڈاکٹر تھی دولت اکٹھا کرنے کے چکر میں جان بوجھ کر نارمل ڈیلوری کو بھی آپریشن میں کنورٹ کردیتی ایسی دوائیاں دیتی کہ نارمل بچہ آپریشن سے کرنا پڑتا بہت سارے لوگوں نے اعتراض لڑائیاں بھی کیں لیکن میں دولت کمانے کی دھن میں پاگل جان بوجھ کر ڈیلوری کو لیٹ کرتی اِس طرح ماں یا بچہ مر بھی جاتے لیکن لواحقین چند دن رو کر چپ کر جاتے میں دولت کے نشے میں دھت چالیس سال کی عمر میں شادی کی تو پتی چلا میں بانجھ ہو چکی ہوں بچہ پیدا نہیں کر سکتی لوگوں نے طعنے مارنے شروع کیے تو کسی کی بیٹی گود لے لی اعلان یہ کیا کہ یہ میری بیٹی ہے وقت گزرتا گیا میری لے پالک بیٹی جوان ہوئی اُس کی شادی کی تو پتہ چلا وہ بھی میری سزا میں بانجھ ہے میں نے دنیا جہاں سے اُس کا علاج کرایا چند سال پہلے وہ کار حادثے میں انتقال کر گئی میری سزا کا عمل شروع ہو چکا تھا ہر قسم کی بیماری مجھے لگ چکی تھی میں مرنا چاہتی تھی لیکن موت اور معافی مُجھ کو بھول بیٹھی تھی اب خدا مجھے بھولا ہوا ہے آپ کے پاس اِس لیے آئی ہوں مجھے خدا سے معافی لے دیں صرف معافی یا مجھے موت آجائے میں نے استغفراللہ کا وظیفہ دیا اور کہا دعا کرو اللہ کو تم پر رحم آجائے پھر بوڑھی مریضہ چلی گئی جس کی توبہ کا دروازہ شاید بند ہو چکا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆

حیات جاوداں

میمونہ کیانی ایڈووکیٹ

ماہرین سماجیات کے مطابق بڑے سے بڑا اور معروف سے معروف آدمی بھی اپنی وفات کے بعد صرف پچاس برس تک کسی نہ کسی حوالے سے یاد کیا جاتا ہے بشرطیکہ وہ اپنے پیچھے نیک وصالح اولاد نرینہ چھوڑ کر فوت ہوا ہو جب کہ پچاس برس کے بعد وہ دنیا والوں کے اذہان وقلوب سے اس طرح محو ہو جاتا ہے جیسے وہ دنیا میں آیا ہی نہ تھا۔ لیکن وہ انسان جو رب العزت کے تخلیق آدم کے حقیقی فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے اس مختصر زندگی کو اللہ تعالی کی طرف سے عطائے خاص اور ایک معینہ مدت کی مہلت سمجھ کر احکامات الٰہی کے اتباع میں انسانیت کی فلاح اور خدمت میں گذارتے ہیں اللہ تعالی انھیں اس کے عوض حیات جاوداں سے نوازتا ہے اور وہ مر کر بھی نہیں مرتے ایسے لوگوں لیے اللہ تعالی لوگوں کے دلوں میں ایسی محبت پیدا کر دیتا ہے جو عشق حقیقی کا پرتو ہوتی ہے، جس میں عاشق کو کسی حریف کا خوف نہیں ہوتا اور نہ ہی حقیقی عشق میں حریف کا تصور ہی ہے یعنی ایسے لوگوں پر اللہ تعالی کی خصوصی عنایت ہوتی ہے۔ رئیس الاحرار چوہدری غلام عباس بھی ریاست جموں وکشمیر کے وہ مایہ ناز سپوت تھے جو انسانوں کے اس تیرہ وتاریک جنگل میں ان قد آور اشجار میں شمار ہوتے ہیں جنھوں نے اپنی منفرد وممتاز حثیت کے باث تاریخ کا رخ موڑ کر حیات جاوداں حاصل کر لی قائد ملت کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ انکی ذہنی عمر (Mental age) تاریخی (Chronological age) سے کہیں زیادہ تھی جس کے باعث شباب کو پہنچتے کے ساتھ ہی ان کا ملی اور سیاسی شعور پوری طرح بیدار ہو چکا تھا۔ اسی ملی وسیاسی شعور کا نتیجہ تھا کہ جب ریاست کشمیر بھی ڈوگرہ سامراج کے تسلط میں تیرہ وتاریک جنگل کا منظر پیش کر رہی تھی۔ وہاں رہنے والے مکین اس گھنے جنگل میں ہر طرف خونخوار درندوں کےخوف سے شب و روز خوفزدہ گذارتے تھے آپکی قد آور اور عہد آفریں شخصیت نے ریاست کے مسلمانوں کے اندر سے نہ صرف ان درندوں کا خوف ختم کرنے کی کوشش کی بلکہ ان میں ملی اور سیاسی شعور بیدار کیا۔ یہ آپکی ملی اور سیاسی بیداری کا منہ بولتا ثبوت تھا کہ جموں میں فرقہ پرست ہندوں لیڈر سوامی شردھانند کی "شدھی" تحریک کے خلاف آواز اٹھائی اور مسلمانوں کے دائرہ اسلام سے خارج ہونے کے عمل کو روکا جسکے زریعے سیدھے سادھے مسلمانوں کو زبردستی ہندوں بنایا جارہا تھا۔ اس تحریک سے یہ تاثر دیا جاتا تھا کہ ہندوں اکثریت میں مسلمان نحس و اچھوت ہیں انھیں ہندوں بنا کر "شدھ" یعنی پاک کیا جائے۔ اللہ کا شکر ہے کہ چوہدری غلام عباس نے اپنی قوت ایمانی کی بدولت اسلام مخالف اس فتنکیو جڑ سے اکھیڑنے میں مکمل کامیابی حاصل کی۔ یہ آپکی ہمہ جہت شخصیت کا ہی کمال تھا کہ انھوں نے ریاست کے مسلمانوں کے اندر مہاراجہ ہری سنگھ سے اپنے حقوق کے حصول کے لیے جذبہ پیدا کیا۔ اور ایک ہمہ گیر تحریک چلائی 1931 کے دلدوز سانحہ کے وقوع پذیر ہونے کی پاداش میں بغاوت کے الزام میں قیدو بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ رئیس الحرار نے انتہائی مشکل وقت میں کشمیری مسلمانوں کی سر پرستی اور رہنمائی کا بیڑا اٹھایا۔ ریاست جموں و کشمیر کے عوام کے تشخص و وقار کو بلند کیا۔ مسلہ کشمیر کو قومی مسلے کی حثیت سے زندہ رکھنے میں کامیاب ہوئے۔ اکتوبر 1932 میں آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کی پتھر مسجد میں بنیاد رکھی گئی۔ بعد ازاں جب شیخ عبداللہ نے چال بازی سے مسلم کانفرنس کا نام تبدیل کر کے نیشنل کانفرنس کا قیام عمل میں لائے تو چوہدری غلام عباس نے ہمت و استقلال کا مظاہرہ کرتے ہوئے آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کی قیادت سنبھالی۔ مسلم کانفرنس صرف ایک سیاسی جماعت ہی نہیں بلکہ یہ اسلامیان ریاست جموں و کشمیر کی آزادی کی تحریک ہے۔ آپ نے دور شباب سے بڑھاپے تک اسکی آبیاری کے لیے بہت سے مصائب برداشت کیے۔ چوہدری غلام عباس نے مسلم لیگ اور قائد اعظم کے پیغام کو مسلم کانفرنس کے پلیٹ فارم سے کشمیر کی ہر گلی اور بستی میں پہنچایا۔ جب شیخ عبداللہ نے کانگرس ڈوگرہ مہاراجہ کی سرپرستی میں ریاست کا نظم ونسق سنبھالا اس دوران شیخ عبداللہ نے جموں جیل میں قید چوہدری غلام عباس سے کئی بار ملاقاتیں کیں۔ اور پیشکش کی کہ نہرو اور گاندھی اچھے آدمی ہیں آئیں اور ہم مل کر اکھٹے حکومت کریں اور کام کریں۔ چوہدری غلام عباس نے دوقومی نظریہ کے علمبردار ہونے کی حثیت سے اس پیشکش کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیا کہ میں کیسے نہرو اور گاندھی کے ساتھ کام کر سکتا ہوں اسے ہماری نسلوں کو بھی پچھتانا پڑے گا اور بلکل ایسے ہی ہوا اور آج تک ہو رہا ہے۔ آج شیخ عبداللہ کے گناہوں کا کفارہ مظلوم کشمیری ادا کر رہے ہیں۔ شیخ عبداللہ کی نسل اور محبوبہ مفتی بھی رو رہے ہیں بلکہ اپنا سر پیٹ رہے ہیں کہ ہمارے بڑوں نے غلط کیا ہے۔ آج اسکا خمیازہ سارے کشمیری بھگت رہے ہیں۔ کشمیریوں ہر عرصہ حیات تنگ کیا ہوا ہے اپنے ہی گھروں میں اہل کشمیر مقید ہیں، ساری کشمیری قیادت کو قید کیا گیا ہے۔ چوہدری غلام عباس نے 1949 سے 1947 تک ریاست جموں وکشمیر میں تحریک پاکستان کے قافلہ سالار اور علمبردار کی حثیت سے ریاست کے پست وبالا طول وعرض سے موقف الحاق پاکستان مظبوط ومحبوب بنانے کے لیے شب وروز تگ ودو کی۔ یہ آپکی محنت اور وفاداری اور محنت کا ہی نتیجہ تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے آزاد کشمیر میں مسلم کانفرنس کو ہی مسلم لیگ کی نمائندہ جماعت قرار دیا۔ رئیس الحرار کبھی بھی اسمبلی میں نہیں آئیا وجود اس بات کے کہ فیلڈ مارشل ایوب خان نے مجاہداول کے ذریعے آپکو اقتدار کی پیشکش بھی کی لیکن قائدملت نے اس پیشکش کو ٹھکرا دیا اسی لیے رہتی دنیا تک ایک عظیم لیڈر کے طور پر آپ کی گراں قدر خدمات یاد رکھی جائیں گی۔ یہ آپکی دور اندیشی اور سیاسی بصیرت ہی تھی کہ آخری وقت میں آپ نے مسلم کانفرنس کی بھاگ دوڑ مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان کے حوالے کی اور فرمایا "عبدالقیوم مسلم کانفرنس آپ کے حوالے اور آپ اللہ کے حوالے" اور مجاہد اول نے اپنی آخری سانس تک رئیس الحرار چوہدری غلام عباس کو دیئے ہوئے وعدہ کو وفا کیا۔ اور ان کے موقف الحاق پاکستان کو اپنا اولین نصب العین بنایا اور اپنے ہر ایک سپاہی/کارکن کے دل میں پاکستان سے محبت کوکوٹ کوٹ کر بھر دیا اور جو نعرہ" کشمیر بنے گا پاکستان" ستر کی دھائی میں اپنی قوم کو دیا وہ نہ صرف آزاد کشمیر کے پہاڑوں، جنگلوں اور گلی کوچوں میں بلند ہوا، نہ صرف پاکستان کے سب سے بڑے ایوان " پارلمینٹ " میں بلند ہو کر پاکستان کے بچے بچے کی زبان زد عام ہوا بلکہ اقوام عالم میں مجاہد اول کے مجاہدوں کی پہچان بن گیا مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان اپنی تصنیف "مقدمہ کشمیر" سن اشاعت۔۔ 1990، صفحہ نمبر۔۔ 32 میں فرماتے ہیں۔ "چوہدری صاحب حکومت پاکستان کو کسی مشکل میں یا کسی غلط پوزیشن میں نہیں ڈالنا چاہتے تھے۔ وہ جب بھی کشمیر کی بات کرتے تھے تو پہلے پاکستان کی سلامتی، بقا اور استحکام کو دیکھتے تھے اور پھر کشمیر کی بات کرتے تھے۔ ان کا خیال یہ تھا کہ کشمیر کا معاملہ موخر ہو سکتا ہے لیکن پاکستان کو ہم کسی پریشانی میں نہیں ڈال سکتے۔ اگر ڈالیں گے تو اس سے زیادہ نقصان ہوگا اور پھر اس سے کشمیر کا معاملہ بھی خراب ہو جائے گا۔" مگر بعض پاکستان کے حکمران اس بات کو سمجھنے سے قاصر ہیں کہ انکا بولا ہوا ایک ایک لفظ مقبوضہ جموں و کشمیر کی عوام پر ایک مثبت یا منفی اثر چھوڑتا ہے۔ مگر شومئی قسمت جب بھی مسلم لیگ "ن" کی پاکستان میں حکومت آئی ہے انہوں نے کشمیریوں کے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ ابھی حال ہی میں منگلہ میں جو واقعہ ہوا وہ قابل افسوس ہے وہ منگلہ جس میں ہزاروں شہداء کی قبریں ہیں اور روشن سارا پاکستان ہوتا ہے وہاں کھڑے ہو کر ان شہداء کی قربانیوں کا ذکر نہ کرنا اور شہداء کو خراج تحسین نہ پیش کرنا یہ کشمیریوں کے ساتھ کونسی محبت ہے؟ اور کشمیر کے وزیر اعظم کو بولنے کا موقع نہ دینے کی منطق سمجھ سے بالاتر ہے۔ اور عطا تارڑ کی للکار اسے بھی بھونڈی حرکت ہے۔ اسی "ن" لیگ کی حکومت وزیر داخلہ (وقت) چوہدری نثار علی خان کے حکم پر 23 جنوری 2016 کو شام ساڑھے چار بجے رئیس الاحرار چوہدری غلام عباس کے مزار پر پنڈی پولیس و دیگر سول اہلکاروں نے مزار پر حملہ کیا مزار کا گیٹ جس پر قائد ملت کا نام اور کشمیر بنے گا پاکستان کا سلوگن تحریر تھا، بلڈوزر لگا کر توڑا اور پاؤں تلے روندا اور نہ صرف توڑا اسکی بے توقیری کرتے ہوئے سی ڈی اے کی گاڑیوں میں لوڈ کر کے گئے اور جبرا مزار کی زمین پر قبضہ کیا۔ جبکہ پاک فوج کو کسی ضروری مقصد کے لیے احاطہ مزار سے راستہ چاہیئے تھا مگر وہاں پاک فوج کے جوان سروے کر گئے تو قائد مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان نے چیف آف آرمی سٹاف (وقت) جنرل راحیل شریف کو خط لکھا کہ یہ شخصیت قائد ملت رئیس الحرار چوہدری غلام عباس ہم کشمیریوں کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اگر آپ مزار کی زمین پر قبضہ کریں گے یا کوئی گزرگاہ بنائیں گے تو کشمیری قوم کے جذبات مجروح ہونگے۔ تو اسکے جواب میں پاک فوج کے جوان قائد مسلم کانفرنس کے پاس خود آئے اور کہا کہ ہم کشمیری قوم کے جذبات کی قدر کرتے ہوئے اور مزار کے احترام میں اپنا فیصلہ واپس لیتے ہیں۔ یہ ہے پاک فوج کی کشمیر سے اور کشمیریوں سے محبت جبکہ مسلم لیگ "ن" کے حکمرانوں نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ قائد ملت کے مزار کو ریاست میں وہی اہمیت حاصل ہے جو پاکستان میں قائد اعظم محمد علی جناح کو حاصل ہے۔ اور اس بات کا ادراک ہونے کہ باوجود کہ یہ وہی قائد ملت ہیں جنہوں نے موقف الحاق پاکستان دیا جسکے عین مطابق مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان نے کشمیریوں کو 70 کی دھائی میں نعرہ " کشمیر بنے گا " پاکستان دیا جو آج اقوام عالم میں گونجتا ہے۔ اور یہی وہ نعرہ ہے جو مقبوضہ کشمیر کے عوام آزادی کی اس جنگ میں اپنے سینوں پر گولیاں کھاتے ہیں مگر زبان سے یہی نعرہ کشمیر بنے گا پاکستان بلند کرتے ہوئے داعی اجل کو لبیک کہتے ہیں اور کفن نہیں پاکستان کا جھنڈا پہن کر اپنے رب کے حضور پیش ہوتے ہیں۔ یقیناً مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان اسی لیے بتا کر گئے کہ "پاکستان کے حکمرانوں سے ماضی میں بھی غلطیاں ہوتی رہی ہیں اور اگر کبھی پاکستان کے حکمرانوں کی کسی غلط حکمت عملی یا کسی غلطی سے آزاد کشمیر کے عوام کی دل آزاری ہو تو انکی ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے پاک فوج اور پاکستانی عوام سے اپنا رشتہ کمزور نہیں ہونے دینا۔ کیونکہ پاکستان کی حکومتیں ہمیں تنہا چھوڑ سکتی ہیں مگر پاکستان کی فوج اور پاکستان کی عوام کبھی ہمیں تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ یہی وجہ ہے، آج کشمیریوں کا پاکستان اور پاک فوج سے رشتہ کبھی کمزور نہیں ہوا۔ اللہ تبارک و تعالی کشمیر اور پاکستان کی سلامیت کی بقا قائم ودائم رکھے اور کشمیریوں کو آزادی کی صبح دیکھنی نصیب کرے۔ آمین

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں......(ادارہ)

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی تین ترجیحات ...... تحریک آزادی کشمیر ...... گڈ گورننس ...... تعمیر وترقی

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

بنام:
ڈاکٹر خواجہ شاہد سجاد، نیورو سرجن،
CMH راولاکوٹ،
معرفت میلوڈی کلاتھ نزد HBL مدینہ مارکیٹ مظفر آباد۔

عنوان: نوٹس اظہار وجوہ Show Cause Notice

زیر دستخطی آزاد جموں و کشمیر سول سرونٹس ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1977 کے تحت بروئے نوٹیفکیشن محررہ 15 جون 2021ء بحیثیت اتھارٹی مجاز (Competent Authority) آپ کو بذیل نوٹس اظہار وجوہ جاری کرتا ہے۔

1۔ آپ مورخہ 12-10-2020ء سے رخصت برائے دوسال کی درخواست دیکر بدوں منظوری غیر حاضر ہیں۔

2۔ ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ CMH راولاکوٹ نے آپ کو حاضری کے لیے یکے بعد دیگرے تین نوٹسز حاضری جاری کیئے مگر آپ نوٹسز کی تعمیل میں حاضر ڈیوٹی نہ ہوئے۔

3۔ آپ کیخلاف غیر حاضری کی پاداش میں انضباطی کارروائی عمل میں لائے جانے کے لیے زیر نوٹیفکیشن نمبر س ص 6(164)/چہارم/2021 مورخہ 01 اکتوبر 2021ء کے تحت انکوائری آفیسر کا تقرر عمل میں لایا گیا۔

4۔ انکوائری آفیسر نے بعد انکوائری آپ کے خلاف آزاد جموں و کشمیر سول سرونٹس (ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن) رولز 1977 کے تحت مس کنڈکٹ کے مرتکب ہونے کی بناء پر انضباطی کارروائی کی سفارش کی ہے۔

3۔ آپ کو آزاد جموں و کشمیر سول سرونٹس (ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن) رولز 1977 کے قاعدہ کے تحت صفائی کا موقع دیا جاتا ہے کہ حتمی کارروائی سے قبل اگر آپ اپنا موقف پیش کرنا چاہتے ہیں تو نوٹس ہذا کی اجرائیگی کے 14 ایام کے اندر اصالتاً حاضر ہو کر تا حال غیر حاضری کی وضاحت پیش کریں کہ کیوں نہ آپ کے خلاف غیر حاضری کی پاداش میں ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز 1977 کے قاعدہ 4(b)(iv) کے تحت Major Penalty ملازمت سے برطرفی (Dismissal from Service) کی کارروائی عمل میں لائی جائے، عدم حاضری کی صورت میں آپ کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(مجاز اتھارٹی)
چیف سیکرٹری

AK-212-N/12/22

www.pidajk.gok.pk

انگلینڈ نے پاکستان کو ہوم گراؤنڈ پر وائٹ واش کردیا

کراچی ٹیسٹ میں 8 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز جیت لی

کراچی (صباح نیوز) انگلینڈ نے پاکستان کو کراچی ٹیسٹ میچ میں 8 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز 0-3 سے اپنے نام کرلی۔ انگلینڈ کے ہاتھوں قومی کرکٹ ٹیم کو کراچی ٹیسٹ میں شکست کے ساتھ پہلی بار سیریز میں وائٹ واش کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کو باآسانی 8 وکٹوں سے شکست دیکر تاریخ رقم کرتے ہوئے پہلی بار قومی ٹیم کو پاکستان میں شکست دی۔ یہ پہلا ہے جب پاکستان ٹیم کو ہوم گراونڈ پر تین میچز کی سیریز کے تمام میچز میں شکست کا منہ دیکھنا پڑا ہو۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے 167 رنز کا ہدف محض 2 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا، بین ڈکٹ نے 82 جبکہ کپتان بین اسٹوکس نے 35 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

لطیف لون کا والدہ کی وفات پر تعزیت کرنیوالوں سے اظہار تشکر

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مہاجرین جموں وکشمیر کے صدر محمد لطیف لون نے ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا جنھوں نے میری والدہ صاحبہ مرحومہ مغفورہ کی وفات پر تعزیت، فاتحہ خوانی اور اظہار ہمدردی کرنے کے لئے میرے گھر آنے والے اپنی جملہ برادری مہاجرین وانصار اور تمام مکاتب فکر علمائے کرام، سیاسی جماعتوں کے معززز عماء، حکومتی وزرائے کرام، حریت کانفرنس جموں وکشمیر کے قائدین، ضلع انتظامیہ کے افسران، وکلاء برادری، صحافی برادری، کاروباری حضرات سول سوسائٹی اندرون و بیرون ملک سے فون کالز، سوشل میڈیا اور اخبارات کے ذریعے اظہار تعزیت کرنے والے تمام دوست احباب اور خیر خواہوں کا ممنون ومشکور ہوں۔

باغ، پرویز الحسن طاہر کا چوہدری عاشق سے اظہار تعزیت

باغ (دھرتی نیوز) سجاد شہید پریس کلب باغ کے سابق صدر پرویز الحسن طاہر نے چوہدری عاشق علی میر پور کے پوتے محمد ابراہیم علی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور عاشق علی کے پوتے کی وفات پر اظہار تعزیت کی ہے انہوں نے پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 1

محکمہ صحت آزاد کشمیر صحت کے حوالے سے بھرپور اقدامات کر رہا ہے، ہماری کوشش ہے کہ لوگوں کو صحت کی سہولیات بہتر انداز میں مقامی سطح پر مہیا کی جائیں۔

بقیہ 2

ان خیالات کا اظہار انھوں نے ترکیہ کی جامعات کے منتخب صدر انس الطان سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، جیوگرافک سوسائٹی کے صدر انس الطان نے اعلان کیا ہے کہ وہ کشمیر کے مسئلے پر کشمیر کانفرنس کا انعقاد کرائیں گے جس میں ترکیہ کی تمام جامعات کے طلبہ اور نمائندے شریک ہوں گے ،اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عبدالرشید ترابی نے کہا کہ دو کروڑ کشمیریوں کو ہندوستان نے 75 برس سے بنیادی انسانی حق سے محروم کر رکھا ہے، دو کروڑ کشمیریوں نے اپنے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے ہندوستان نے عالمی سطح پر عہد کیا تھا کہ وہ کشمیریوں کو یہ حق دے گا مگر ہندوستان نے طاقت کی بنیاد پر کشمیر پر فوجی قبضہ کر رکھا ہے اور کشمیریوں کے اس بنیادی حق کو دبا رکھا ہے، مسئلہ کشمیر پاکستان اور ہندوستان کے درمیان سرحد کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ دو کروڑ کشمیریوں کے حق خودارادیت کا مسئلہ ہے۔

بقیہ 3

شرکت کی، سینٹری انسپکٹر میونسپل کارپوریشن سردار عبدالرحیم خان نے مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے جملہ لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہے

بقیہ 4

عہدیدار بنایا جائے گا تا کہ آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس آزاد کشمیر میں اپنی پوری آب وتاب سے دوبارہ جگمگائے گی

بقیہ 5

عباسی نے بھی اظہار خیال کیا۔ اکرام الحق نے کہا کہ خواتین کا معاشرے میں اہم مقام ہے خواتین کو ریاستی اور ملکی سطح پر ہونے والی قانون سازی اور حکومت کے اقدامات سے آگاہی ضروری ہے محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ اسطرح کے اقدامات کو جاری رکھے گا انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور موجودہ حکومت خواتین کی ترقی کے حوالے بھرپور اقدامات کر رہی ہے ویمن کمیشن کو مزید فعال کیا گیا ہے جس سے بہتری کی نئی راہیں کھلیں گی اس دوران سوال جواب کا سیشن بھی ہوا شرکاء کے سوالوں کے جواب دیے گئے ورکشاپ میں گرلز ووکیشنل سینٹرز کی پرنسپلز اور وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ضلعی افسران نے شرکت کی اور تجاویز دیں۔

بقیہ 6

کے زمینداران نے ہمیشہ محکمہ پر بھروسہ کیا اور محکمہ کے فیلڈ سٹاف کی جانب سے تجویز کردہ جدید زرعی علوم کو سراہا اور اسے عملی طور پر استعمال کرتے ہوئے گزشتہ سیزن میں مکئی کے سیڈ انگریز بلاکس سے 1000 من بیج مقامی سطح پر پیدا کیا گیا اور ارزاں نرخوں پر زمینداران میں تقسیم کیا گیا۔ سرکل لمنیاں میں فارمر فیلڈ سکول برائے کاشت گندم قائم کیا گیا جس سے ضلع کے کاشتکاران نے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ زیتون کے پودہ جات 67 فیصد subsidy پر فراہم کرتے ہوئے ضلع بھر میں 6500 سے زائد پودہ جات لگائے گئے ۔رواں سیزن پودوں کی شاخ تراشی میں کاشتکاران کی بھرپور معاونت کی جا رہی ہے ضلع میں summer کے پیش نظر wheat crop کا Potential اس پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ لیپہ ویلی میں لوبیا، اخروٹ اور آلو کی پیداوار کو بڑھانے کے لیئے محکمہ ہمہ وقت کوشش میں مصروف ہے اس سلسلہ میں اخروٹ کے پودہ جات پر urea سپرے کرنے کا عمل بھی جاری ہے ۔ان خیالات کا اظہار " سوموار میٹنگ " میں ضلع کے زمینداران نے کیا۔ انہوں نے محکمہ زراعت ضلع جہلم ویلی کے سٹاف پر بھرپور اعتماد کرتے ہوئے محکمہ کی کوششوں کو سراہا اور اُمید ظاہر کی کہ مستقبل میں زمینداران اور محکمہ کا تعاون ضلع اور بالاخر ریاست کو زرعی خود کفالت کی منزل تک رسائی حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

بقیہ 7

مال جیسا رویہ فوری ترک کرتے ہوئے لوڈ شیڈنگ بند کی جائے کیونکہ حالیہ صورتحال میں عوام اور تاجروں کی مشکلات میں بتدریج اضافہ ہوتا جا رہا ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان وزیر برقیات ممبر اسمبلی بیگم شاہدہ صغیر اور ایس ای برقیات سے مطالبہ کیا ہے کہ صرف مخصوص علاقے میں کی جانے والی لوڈ شیڈنگ کا سختی سے نوٹس لے کر عوامی مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔#

بقیہ 8

کیمطابق ڈپٹی کمشنر باغ عبدالحمید کیانی کی ہدایت پر تحصیلدار دھیرکوٹ سید ضمیر حسین شاہ نے پرائس کنٹرول اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے دھیرکوٹ کے مختلف بازاروں کا دورہ کیا۔ تاجران سے ملاقات بھی کی گئی۔ تحصیلدار دھیرکوٹ نے اشیائے خوردونوش کے انراخ کی جانچ پڑتال اور بازاروں میں دکانوں سے باہر لگائے گئے تھڑوں کے خاتمے کے لیے بھی ہدایات جاری کیں۔ تمام تھڑے دکانوں کے اندر لگائے جائیں، فٹ پاتھ سڑک کنارے یا دکانوں کے باہر کسی قسم کے تھڑے لگانے کی اجازت نہیں، خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے جرمانے بھی عائد کیے جائیں گے۔

بقیہ 9

ملک بھر میں مزید 8 کیسز رپورٹ ہوئے، 25 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 021 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 08 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ۔اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کئے گئے کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.20 فیصد رہی، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 25 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

بقیہ 10

کا اظہار سنی علماء کونسل ضلع راولپنڈی کے صدر علامہ مفتی تنویر عالم فاروقی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مذید کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا عادلانہ نظام دے کر عالم انسانیت کو ظلم، غلامی، بے روزگاری سے چھٹکارا دلایا . آج بھی اگر امت مسلمہ اغیار کے چنگل سے نکل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہو تو جملہ بحرانوں سے نکلا جاسکتا ہے، مفتی تنویر عالم فاروقی نے مذید کہا کہ سیرت خاتم المعصومین کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے لیئے انتظامی کمیٹیاں تشکیل پا چکی ہیں کانفرنس کے مہمان خصوصی علامہ غازی اورنگزیب فاروقی صدر سنی علماء کونسل پاکستان ہوں گے، جبکہ کانفرنس سے علامہ مسعود الرحمٰن عثمانی، علامہ تصدق حسین کشمیری، سنی علماء کونسل پاکستان کے مرکزی ترجمان مفتی عبدالوحید جلالی، علامہ شبیر احمد کشمیری، مفتی مجیب الرحمٰن، علامہ نعمان حاشر اور دیگر علماء و مشائخ، خطباء و مذھبی اسکالرز خطابات فرمائیں گے، اور نعت خواں حضرات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہدیہ نعت پیش فرمائیں گے، مفتی تنویر عالم فاروقی نے مذید کہا کہ اس عظیم الشان اجتماع میں مقدس ہستیوں کی شان میں گستاخی کے مرتکب شر پسند عناصر کے خلاف سنی علماء کونسل کے قائدین اہم لائحہ عمل کا اعلان کریں گے

بقیہ 11

مسئلہ کشمیر کو حق خودارادیت کی بنیاد پر حل کرنے اور حکومت ہند کے 5 اگست 2019 کے تمام غیر قانونی اقدامات کو کالعدم قرار دینے کا مطالبہ کریں گے۔ پاسبان حریت کے چیئرمین عزیر احمد غزالی، وائس چیئرمین انٹرنیشنل فورم فار جسٹس مشتاق السلام، پیپلز پارٹی کے راہنما شوکت جاوید میر، سماجی راہنما جاوید مغل، وائس چیئرمین پاسبان حریت عثمان علی ہاشم، محمد فیاض خان اور فیصل فاروق نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے وقت میں کہ جب بھارت مقبوضہ ریاست جموں کشمیر میں نہتے شہریوں کیخلاف بدترین جنگی جرائم کا مرتکب ہو رہا ہے 5 اگست 2019 کے سامراجی اقدامات کو مسلط کر کے دس لاکھ دہشت گرد فوجیوں اور غیر انسانی کالے قوانین کے جارحانہ استعمال سے پوری ریاست کو جیل میں تبدیل کرنے کے بعد اب اس کا وزیر دفاع اور جرنیل کھلے عام آزاد کشمیر پر حملے کی دھمکیاں دے رہے ہیں ایسے حالات میں ریاست کا آزاد خطہ بھارتی استعماری عزائم کیخلاف پوری ایمانی طاقت اور جذبہ حب الوطنی کے تحت مزاحمت کیلئے خود کو تیار کرے گا۔

بقیہ 12

کہا ہے کہ مودی حکومت کی جانب سے دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد مقبوضہ علاقے میں بھارتی سرمایہ کاری کے دعوے جھوٹے ثابت ہوئے ہیں۔ محبوبہ مفتی نے ایک ٹویٹ میں گزشتہ پانچ برس کے دوران مقبوضہ علاقے میں ہر سال کی گئی سرمایہ کاری کے حکومتی اعداد و شمار پر رد عمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کی طرف سے 370 کی منسوخی کے بعد مقبوضہ کشمیر میں بھارتی سرمایہ کاری کے دعوؤں کے باوجود حکومت کی طرف سے پارلیمنٹ میں پیش کئے گئے اعداد وشمار کے مطابق 2017-18 میں 840 کروڑ کی سرمایہ کاری کی گئی جبکہ 2021-22 میں صرف 376 کروڑ کی سرمایہ کی گئی ہے۔ انہوں ٹویٹ میں مزید کہا کہ جھوٹ کے کوئی پیر نہیں ہوتے۔

بقیہ 13

آزاد کشمیر کے پنشنرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں راجا ممتاز خان، سید نذیر حسین شاہ، بشیر ڈار، قاضی صدیق، بشیر ترین، کبیر اعوان، مظفر حسین منہاس، میر رفیق ودیگر نے کیا انہوں نے کہا کہ وزیراعظم آزاد کشمیر سے ملاقات کرنے کی کوشش کریں گے۔ آزاد کشمیر کے پنشنرز کو ادائیگیاں نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے جبکہ پاکستان کے چاروں صوبوں سمیت گلگت بلتستان کے پنشنرز کو دس فیصد ادائیگی ہو چکی ہے آزاد کشمیر کے پنشنرز کو جلد ادائیگی نہ کی گئی تو پنشنرز خواتین کو بھی سڑکوں پر لائیں گے۔

بقیہ 14

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اطلاعات اور صحافیوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے ۔ محکمہ اطلاعات نے ہمیشہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔ اس طرح کے واقعات کی روک تھام کے لیے مستقبل میں ایک لائحہ عمل طے کرنے کی ضرورت ہے تا کہ محکمہ اطلاعات اور صحافیوں کے تعلقات پہلے کی طرح مثالی رہیں۔ سیکرٹری اطلاعات سے مذاکرات کے دوران سابق صدر سینٹرل پریس کلب واحد اقبال بٹ، سینئر صحافی ذوالفقار علی، گلزار احمد عثمانی، ایم ڈی مغل، ہارون قریشی، نسرین شیخ، سردار عدنان، راجہ خالد، تقی الحسن، وقاص کاظمی، شاہ زیب افضل، شجاعت میر، فواد عباسی، حمزہ کائل، کامران مغل موجود تھے۔

بقیہ 15

کونسلوں میں پراجیکٹ پر کام جاری ہے وہ بھی جلد مکمل کرلیا جائیگا۔

بقیہ 16

ناکوں چنے چبائے ہیں، باغ میں ڈھائی سالہ خدمات کے دوران انہوں نے سول سوسائٹی اور پاک آرمی میں شاندار تعلق کو نبھاتے ہوئے اس رشتہ کو مزید مضبوط کیا ہے، اس دوران انہوں نے باغ میں آزاد کشمیر کی سطح کے بڑے فیسٹیول کروائے جو کو باغ کے عوام ساری زندگی یاد رکھیں گے اور آخری وقت میں وہ سی ایم ایچ راولاکوٹ میں سروس کی اور عوام کی بہترین خدمات سرانجام دیں جس کو راولاکوٹ کے عوام ساری زندگی یاد رکھیں گے موصوف دوران سروس بھمبر سے تاؤبٹ تک ایل او سی کے نزدیک تعیناتی کے دوران کشمیر کے دونوں اطراف جغرافیائی اور لوگوں کے معاشی ،معاشرتی، حالات پر گہری نظر رکھتے ہیں موصوف نے ایل او سی میں سویلین آبادی کی ریسکو میں مثالی رول ادا کیا ہے موصوف کا تعلق ایسے خاندان سے ہے جو ہمیشہ ضرورت مند لوگوں کی مدد کرتے رہے ہیں موصوف نے سٹیشن ہیڈ کوارٹر باغ میں بطور سٹیشن سٹاف آفیسر تعیناتی کے دوران واٹر سپلائی روڈ پر مارکیٹ کا پلان بنا کر خوبصورت دکانات تعمیر کروائی ، جہاں سینکڑوں لوگ کروڑوں روپے کی تجارت کرتے ہیں عوام علاقہ نے ان کی عسکری خدمات پر خراج تحسین پیش کیا ہے

بقیہ 17

مینوں پریس کلب کے انتخابات کے لیے تحصیل پریس کلب کھوئیرٹہ اور تحصیل پریس کلب فتح پور تھکیالہ اپنے جاری شدہ شیڈول کے مطابق عملدرآمد جاری رکھیں گے جبکہ ڈسٹرکٹ پریس کلب کوٹلی کے لیے کاغذات نامزدگی کی اجرا 21 دسمبر 2022 صبح 11 بجے سے، کاغذات نامزدگی کی وصولی 22 دسمبر، کاغذات کی جانچ پڑتال 23 دسمبر صبح 10 سے 12 بجے امیدواروں کے ناموں کی عبوری فہرست 12 : 30 بجے، امیدواروں پر اعتراضات 1 سے 3 بجے۔ حتمی فہرست 24 دسمبر دن گیارہ بجے آویزاں کی جائیگی۔ جبکہ پولنگ 25 دسمبر ڈسٹرکٹ پریس کلب میں صبح 11 سے 3 بجے تک ہوگی۔ غیر حتمی نتائج کا اعلان بھی اسی روز کیا جائے گا۔ کاغذات نامزدگی ضلعی دفتر اطلاعات سے 21 دسمبر سے صبح 11 بجے سے اس فیس کے ساتھ حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ برائے صدارت 5 ہزار، نائب صدور و جنرل سیکرٹری 3,3 ہزار اور جائنٹ سیکرٹری 2 ہزار روپے۔

بقیہ 18

سردی کا قہر جاری ہے، 21 دسمبر سے 31 جنوری تک چالیس روزہ چلہ کلاں میں عموماً شدید سردی رہتی ہے۔ اس موسم میں پانی کے نل منجمد ہو جاتے ہیں اور مختلف آبی ذخائر سمیت مشہور و معروف ڈل جھیل بھی جم جاتی ہے۔ اگر چہ چلہ کلاں کے دوران لوگوں کو کئی طرح کے مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، تاہم اس موسم میں پڑنے والی برف کو معیشت کے لئے کافی سودمند مانا جاتا ہے۔ کیونکہ اس موسم میں پہاڑوں پر پڑنے والی برف گلیشیرز میں تبدیل ہو جاتی ہے جو لمبے عرصہ تک موجود رہتی ہے۔ وادی میں شدید سردی کے سردار، چلہ کلان، کی آمد گرمیوں کے موسم میں گلیشیرز پگل جاتے ہیں جن سے نکلنے والے پانی سے یہاں کے دریا ندی نالے اور آبی ذخائر بھر جاتے ہیں، جس سے نہ صرف یہاں کی لاکھوں کنال زرعی اراضی سیراب ہو جاتی ہے بلکہ پینے کے استعمال کے ساتھ ساتھ بجلی کی پیداوار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ چلہ کلاں فارسی زبان کے الفاظ ہیں۔ چلہ، یعنی چالیس روز کا عرصہ اور، کلاں، یعنی بڑا۔ چلہ کلاں کے چالیس روز ختم ہونے کے بعد بیس 20 روزہ چلہ خورد کی شروعات ہوتی ہے۔ جس کے بعد چلہ بچہ کے دس روز ہوتے ہیں۔ مجموعی طور یہ ماہ فروری کے اختتام تک شدید سردی کے تین مرحلے ہوتے ہیں جن میں چلہ کلاں میں سردی اپنے شباب پر ہوتی ہے۔

بقیہ 19

کہ حکومت آزاد کشمیر نے ایم این سی ایچ پروگرام کے ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ کر کے ان کے خاندانوں کے منہ سے نوالا چھینا ہے حکومت کا کام عوام کو روزگار فراہم کرنا ہے نا کہ روزگار سے لوگوں کو فارغ کرنا ہے, بڑے افسوس کی بات ہے کہ اس وقت ملازمین چھترچوک میں احتجاج کر رہے ہیں خواتین بھی احتجاج پر بیٹھی ہیں مگر حکمران خواب غفلت کا شکار ہیں اور احتجاجی ملازمین کے معاملات کو یکسو نہیں کیا جا رہا ہے۔ حکومت کسی بھی ریاست میں عوام کے لیے ماں کا درجہ رکھتی ہے مگر ہماری حکومت عوام کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہی ہے , ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں ایم این سی ایچ پروگرام کے ملازمین کو ان کے روزگار کا تحفظ دیا جائے ورنہ مسلم لیگ ن ان ملازمین کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی۔

بقیہ 20

سیکرٹری تعلیم مرزا خالد محمود رقم کی ادائیگی میں روڑے اٹکا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار محکمہ تعلیم کے ملازم مشتاق اعوان کے والد حاجی محمد اسحاق ولد علم دین ساکن ڈھول بن ضلع باغ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا مشتاق محکمہ تعلیم میں ملازم تھا جو دوران ڈیوٹی بجلی کا کرنٹ لگنے سے انتقال کر گیا تھا ، وزیراعظم آزاد کشمیر نے متوفی ملازم کے خاندان کے لیے پانچ لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان کیا تھا مگر سیکرٹری تعلیم معاملہ میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں ،متاثرہ والد نے وزیراعظم آزاد کشمیر، وزیر تعلیم، اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ میرے بیٹے کی امداد کی رقم فوراً ادا کی جائے۔

بقیہ 21

خان نے مودی کی انتخابات میں کامیابی کی دعا کی اور ان کی حکومت کے دوران ہی مودی نے آرٹیکل 370 اور 35 کو ختم کر کے کشمیر کی خصوصی حیثیت پر حملہ کیا۔ عمران حکومت کے سامنے اس عالمی تنازعہ کی نوعیت تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی، انہوں نے "ایک منٹ کی خاموشی " کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ اب وزیر خارجہ نے نریندر مودی کو عالمی دنیا کے سامنے گجرات کا قصائی کہا ہے تو عمران خان پھر مودی کے دفاع میں اتر آئے ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیڈر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے سر کی قیمت لگا رہے لیکن وزیر خارجہ عمران خان کی طرح خاموشی اختیار نہیں کریں گے۔ ZS

بقیہ 22

اپوزیشن ملکر بھی ہمارے حکومت گرا نہیں سکتے پاکستان میں بھی عمران خان کی حکومت آئے گی اور آزاد کشمیر میں موجودہ حکومت کی طرف سے لگائے گئے کٹ کو بھی ختم کرتے ہوئے وافر مقدار میں فنڈز فراہم کریں گے اور آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا تسلسل جاری و ساری ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پدر گلشیر میں نو منتخب ممبر میونسپل کارپوریشن راجہ سدھیرا اکبر کی طرف سے نومنتخب ڈسٹرکٹ و میونسپل کارپوریشن کے ممبران کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ جلسہ سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا جلسہ کی صدارت سابق چیئرمین زکواۃ کونسل سردار خلیق عارف نے کی جبکہ جلسہ سے راجہ سدھیرا اکبر، اکمل عارف خان، راجہ اعجاز، راجہ ساجد ایڈووکیٹ، ظہیر ہاشم، خان وسیم، عمر شیخ، ہمائیوں خورشید، محمد زاکر، محمد فاروق خان، اظہر حبیب، اور دیگر نے خطاب کیا اس موقع پر معزز مہمانوں کو بڑے جلوس کی صورت میں جلسہ گاہ لایا گیا اور مہمانوں پر پھول کی پتیاں نچھاور کی گئیں، ڈھول کی تھاپ پر استقبال کیا گیا، جلسہ کے اکتتام پر تمام معزز مہمانوں کے لیے پر تکلف کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔

بقیہ 23

کے لیے خصوصی دعائے مغفرت کی ہے

بقیہ 24

سیل اور مسمار کرنے کی کارروائی کی جائے گی۔ مقبوضہ جموں و کشمیر پولیس کے سربراہ دلباغ سنگھ نے کٹھوعہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عسکریت کو فروغ دینے کے جواز میں تعمیرات سمیت کوئی بھی وہ چیز جو عسکریت کو بڑھاوا دینے کے لئے استعمال میں لائی جارہی ہیں اس کو سیل اور مسمار کرنا قانون کے دائرے میں آتا ہے

بقیہ 25

خان متعلقہ شعبہ میں وسیع تجربہ اور مطلوبہ تعلیم کے حامل ہونے کے علاوہ مینجمنٹ کورس (MCMC) بھی کر چکے ہیں جبکہ آفیسر موصوف Republic of China سے متعلقہ شعبہ میں ٹیکنیکل کورس بھی کر چکے ہیں۔ موصوف اس سے قبل محکمہ سریکلچر کے تین مرتبہ ڈائریکٹر ابریشم بی 19- کے فرائض بھی سرانجام دے چکے ہیں۔ موصوف محنتی، انتہائی قابل اور پروفیشنل آفیسر ہیں۔ موصوف کی تعیناتی سے محکمہ ابریشم کی ترقی، ریسرچ اور ورکنگ میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 26

گلے کے درد کھانسی نزلہ زکام اور الرجی میں مبتلا ہیں معالجین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ موسمی بیماریوں سے بچنے کے لئے صبح شام اور رات کے اوقات میں گھروں سے غیر ضروری باہر نہ نکلیں خصوصاً بچوں اور بزرگوں کو سردی سے بچائیں گرم مشروبات کا استعمال بڑھائیں اور نیم گرم پانی پئیں تا کہ ان بیماریوں سے محفوظ رہا جا سکے۔

بقیہ 27

کی رپورٹ کے مطابق اس وقت شہر لاہور کا اوسط ائیر کوالٹی انڈیکس 250 ریکارڈ کیا گیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 322 ریکارڈ کی گئی جبکہ جوہر ٹاؤن میں 416 اور کینال روڈ پر سب سے زیادہ شرح 458 ریکارڈ کی گئی۔ درجہ بندی کے مطابق 151 سے 200 درجے تک کہ آلودگی مضر صحت ہوتی ہے جبکہ 201 سے 300 درجے تک کی آلودگی کا شمار انتہائی مضر صحت میں ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ 301 سے زائد درجہ خطرناک آلودگی کو ظاہر کرتا ہے اور ماہرین صحت نے سانس اور دمہ کے مریضوں کو اس سے احتیاط کرنے کی ہدایت دی ہے۔

بقیہ 28

کے قتل عام کی شدید مذمت کی۔ حریت رہنماؤں سید بشیر اندرابی، خواجہ فردوس اور فریدہ بہن جی نے سرینگر سے جاری اپنے الگ الگ بیانات میں کہا کہ بھارتی فوجی کشمیری عوام کو حق پر مبنی تحریک آزادی سے وابستگی کیلئے بے گناہ نوجوانوں، بچوں، بوڑھوں کو تشدد کا نشانہ بنا رہی ہے۔ حریت رہنماؤں نے کہا کہ کشمیری عوام بھارت کی ظالمانہ کارروائیوں سے مرغوب نہیں ہونگے اور اپنا پیدائشی حق حق خود ارادیت سے دستبردار نہیں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل نہیں کیا جاتا تب تک کشمیری عوام اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ حریت رہنماؤں نے کہا کہ تحریک آزادی اور بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف کشمیری عوام نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں جنھیں فراموش نہیں کیا جاسکتا

بقیہ 29

کیا، راجہ جانگیر خان نے کہا کہ کیریئر کونسلنگ کے ذریعے طلبہ وطالبات کی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے ،سیمینار سے الفلاح سکالرشپ پروگرام کے نیشنل ڈائریکٹر علی رضا , چیئرمین مجید احمد چوہدری , چیئرمین کاروان علم فاؤنڈیشن امریکہ شکور عالم , سیکرٹری جنرل الخدمت آزاد کشمیر آفتاب عالم ایڈووکیٹ ڈائیریکٹر الخدمت شعبہ تعلیم جمیل احمد اور منیجر الفلاح سکالر شپ پروگرام الخدمت پاکستان علی ارسلان نے شرکت اور طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

بقیہ 30

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے بیان کی توثیق کی ہے ۔وزیر خارجہ نے پاکستان کے عوام کی ترجمانی کی، پوری قوم وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، قوم اس بیانیہ کے ساتھ کھڑی ہے، خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ کفایت شعاری کی پالیسی دی جارہی ہے، کفایت شعاری کے حوالے سے کمیٹی میں سیکریٹری پاور، وزیر دفاع سمیت دیگر 10 وزراء اس میں شامل ہیں چار سیکریٹری اور دس وزرا اس کمیٹی میں شامل ہیں، سرکاری اداروں میں 20 فیصد افرادی قوت گھر سے کام کرے تو 56 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ شادیوں کے اوقات رات 10 بجے تک ہوں گے، ریسٹوران اور مارکیٹیں رات آٹھ بجے بند کر دی جائیں گی، اس سے 62 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ پرانے پنکھے 120 سے 130 واٹ بجلی استعمال کرتے ہیں، نئے پنکھے تقریبا 40 سے 60 واٹ بجلی استعمال کرتے ہیں، ان پنکھوں کے استعمال سے 15 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ ایل ای ڈی بلبوں کے استعمال سے 23 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ گھروں میں پنکھے اور ایئر کنڈیشنڈ کے استعمال میں بچت سے 8 سے 9 ہزار میگاواٹ بجلی بچائی جاسکتی ہے۔، وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ کپیسٹی پے منٹس کی مد میں 28 ارب بلین ماہانہ بچت ہوگی، گیس فراہم کرنے والی کمپنیاں گیزر کیلئے بچت کے آلات فراہم کریں گی، اس سے 92 ارب روپے سالانہ کی بچت ہوگی۔ متبادل اسٹریٹ لائٹس جلانے سے چار ارب روپے کی بچت ہوگی، ای بائیکس متعارف کروائے جا رہے ہیں، محدود مدت کے اندر یہ موٹر سائیکلیں مارکیٹ میں آ جائیں گی، ای بائیکس کی امپورٹ شروع ہو چکی ہے، موٹر سائیکل کمپنیوں کے ساتھ اس حوالے سے بات چیت جاری ہے، ای بائیکس آنے سے 86 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ 69 فیصد پانی زراعت میں استعمال ہوتا ہے، فلڈ اریگیشن کو زرعی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا، واٹر ہارویسٹنگ بھی ہوگی، بارش کے پانی کو ضیاع سے بچانے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے، صوبوں کو اس پالیسی اور پروگرام کے بارے میں آگاہ کریں گے، یہ قومی پروگرام ہے، ہم چاہتے ہیں اسے اتفاق رائے سے شروع کیا جائے، دن کی روشنی کو زیادہ استعمال کرنے کے لئے ہمیں اقدامات اٹھانا ہوں گے، دفاتر کے اندر بے تحاشہ لائٹس استعمال ہو رہی ہوتی ہیں، اس میں ہمیں بچت کرنا ہوگی، مختلف ذرائع سے توانائی کی بچت کر کے اربوں روپے بچائے جاسکتے ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جمعرات تک کفایت شعاری پالیسی کو حتمی شکل دے دی جائے گی، ہمیں اپنے وسائل میں رہنا ہوگا، چھ سات ماہ سے اس پر کام چل رہا تھا، چاروں صوبوں سے مشاورت کے بعد یہ حتمی شکل اختیار کر لے گی، کفایت شعاری ہمارے قومی کلچر کا حصہ بنے گی، اس سے معاشی مشکلات بھی ختم ہوں گی، عوام کی فیملی لائف پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ جبکہ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر برائے کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کے عوام کی امنگوں کے مطابق کشمیری عوام سمیت ہندوستان کے اندر بسنے والے مسلمانوں اور اقلیتوں کا مقدمہ دنیا کے سامنے رکھا ہے، دنیا میں سب سے زیادہ دہشت گردی سے نقصان پاکستان کا ہوا ہے، ہم انسانیت کا مقدمہ آگے رکھ کر لڑتے رہیں گے۔ قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنے وزیر خارجہ پر فخر ہے، پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملک کے اندر بحران ہے، عمران خان ہر روز پاکستان کی اکانومی پر حملہ کرتے ہیں، حکومت اپنے اوقات کار میں تبدیلی کرنا چاہ رہی ہے، ہم گیس، تیل سمیت دیگر اشیاء درآمد کر رہے ہیں۔ قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ حکومت نے کفایت شعاری کے حوالے سے جو اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے، بنیادی طور پر اس کا مقصد پاکستان کے عوام کی مشکلات کم کرنا ہے، گیزر میں بچت کا آلہ استعمال کرنے سے گیس کم استعمال ہوگی، گیس کی بچت سے گیس کم درآمد ہوگی اس سے پاکستان کے سرمایہ میں بھی بچت ہوگی، کفایت شعاری کے حوالے سے ہماری تجاویز ہیں ہم آج ہمارا درآمدی بل 26 سے 28 ارب ڈالر ہے، اگر اس میں اسی طرح اضافہ ہوتا رہا تو ہمارے لئے مشکل حالات پیدا ہوں گے، ہم لوگوں کو بتا رہے ہیں کہ یہ اقدامات اٹھانا ناگزیر ہیں، ہم صوبائی حکومتوں اور جماعتوں سمیت ٹریڈ آرگنائزیشنز سے توقع کرتے ہیں کہ وہ ہماری ان تجاویز کو پاکستان کی بقا اور بچت کا راستہ دیکھ کر ہمارا ساتھ دیں

بقیہ 31

حق پر مسئلہ کے بنیادی فریق کو اہمیت دے کر سنا جاتا ہے۔ آزاد کشمیر حکومت کو تسلیم کرنے سے ہی مسئلہ کشمیر پر مثبت پیش رفت ہو سکتی ہے، او آئی سی میں کشمیریوں کو مبصر کی سطح پر نمائندگی ملنی چاہیے، خود مختار کشمیر کا حامی تھا نہ ہوں، مجھ سے منسوب اخباری خبر من گھڑت اور بے بنیاد ہے، حقیقت یہ ہے کہ میں نے کسی اخبار کو انٹرویو دیا ہی نہیں، ایک ریڈیو پروگرام میں سوال کیا گیا تھا جس کے جواب میں میں نے کہا کہ مسئلہ سفارت خانہ کھولنے کا نہیں، او آئی سی میں بطور آبزرور نمائندگی کا ہے۔ قانون ساز اسمبلی کے باہر میڈیا سے بات چیت کے دوران راجہ فاروق حیدر خان نے کہا کہ یہ بات میں کوئی پہلی دفعہ نہیں کہہ رہا بلکہ کئی بار کہہ چکا ہوں کہ جب تک کشمیریوں کو مسئلہ کشمیر اجاگر کرنے کی ذمہ داری نہیں سونپی جائی بیرون ملک ہمیں حمایت نہیں مل سکتی۔ میں ریاست کا 5 سال وزیراعظم رہا ہوں، نظریاتی سیاسی کارکن ہوں اور میری منزل کا تعین میرے آباؤ اجداد نے کیا تھا، ہم نے پاکستان کے لیے جان و مال کی قربانی دی اور ہماری ایک نسل آج بھی قربانیوں کے اس سفر کو جاری رکھے ہوئے ہے ۔ راجہ فاروق حیدر خان نے کہا کہ خدشہ ہے کہ کچھ لوگ مخصوص ایجنڈے کی تکمیل کے لیے مجھ سے ایسی باتیں منسوب کر رہے ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ، میری ذات کو متنازعہ بنا کر اگر کسی کو کچھ حاصل ہوتا ہے تو بے شک کرتا رہے، میرا موقف ہمیشہ سے دوٹوک اور واضح رہا ہے، ہم اپنی خواہش اور پسند سے پاکستانی ہیں اور ہمیں حب الوطنی کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں، موجودہ صورتحال میں آزاد کشمیر کے اندر ایک مخصوص گروہ اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل اور سیاسی منظر نامے پر اپنی گنجائش پیدا کرنے کے لیے خلاف حقائق، من گھڑت اور بے بنیاد باتیں مجھ سے منسوب کر رہا ہے، ایسے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔

بقیہ 32

سامنے پیش ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ارکان اسمبلی سپیکر راجہ پرویز اشرف کے روبرو مستعفی ہونے کی تصدیق کریں گے۔ پی ٹی آئی ارکان اسمبلی 22 دسمبر کو کے پی ہاؤس اسلام آباد میں جمع ہوں گے، ارکان ممکنہ طور پر شاہ محمود قریشی کی سربراہی میں پارلیمنٹ آئیں گے اور شاہ محمود قریشی ارکان کو لے کر سپیکر کے سامنے پیش ہوں گے۔ واضح رہے کہ 14 دسمبر کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے استعفوں کی تصدیق کے لئے سپیکر قومی اسمبلی کے پاس جانے کا اعلان کیا تھا۔ سابق وزیراعظم پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں بھی توڑنے کا اعلان کر چکے ہیں

بقیہ 33

کے اثرات کا مطالعاتی مراکز ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی زیر صدارت منگل کے روز قومی اسمبلی اور سینیٹ کا مشترکہ اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ بل وفاقی وزیر شیری رحمٰن نے پیش کیا۔ اجلاس میں پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا گیا۔ بل وزیر مملکت شہادت اعوان نے پیش کیا۔ اجلاس میں پاکستان نرسنگ کونسل ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا۔ بل وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے پیش کیا۔ بل میں مسلم لیگ ن کی دو خواتین اراکین کی ترامیم مسترد کر دی گئیں اس موقع پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف ترامیم پیش کرنے والی اپنی ہی پارٹی خاتون رکن زہرا فاطمی پر برہم ہو گئے اور ان کی نشست پر آ کر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے پارٹی سے پوچھ کر ترامیم شامل کیں جس پر خاتون رکن نے جواب دیا کہ نہیں میں نے یہ ترامیم اپنی طرف سے شامل کی ہیں جس پر خواجہ آصف نے کہا کہ آپ کو پارٹی سے پوچھ کر ترامیم پیش کرنی چاہیئے اجلاس میں ریاستی ملکیتی انٹر پرائزز (گورننس اینڈ آپریشن) بل 2022 منظور کر لیا گیا یہ بل وزیر مملکت برائے قانون سینیٹر شہادت اعوان نے پیش کیا۔ مشترکہ اجلاس میں برقی توانائی پیداوار ترسیل اور تقسیم ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا اجلاس میں اسلام آباد میں ممانعت سودی قرضہ جات ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا۔ بل جماعت اسلامی کے رکن مولانا عبدالاکبر چترالی نے پیش کیا۔ اجلاس میں اسلام آباد لازمی جدرین کاری اینڈ تحفظ کارکنان صحت ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا اجلاس میں پاکستان ادارہ برائے میڈیکل سائنسز ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا گیا۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے برقی توانائی پیداوار ترسیل اور تقسیم ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا۔ اجلاس میں اسلام آباد میں ممانعت سودی قرضہ جات ترمیمی بل 2022 منظور کیا گیا، بل جماعت اسلامی کے رکن مولانا عبدالاکبر چترالی نے پیش کیا۔ اجلاس میں اسلام آباد لازمی جدرین کاری اینڈ تحفظ کارکنان صحت ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا۔ اجلاس میں پاکستان ادارہ برائے میڈیکل سائنسز ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا۔ بل رکن اسمبلی ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو نے پیش کیا۔ اجلاس میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل ترمیمی بل 2022 منظور کر لیا۔ بل میں پی ایم ڈی سی کی تشکیل نو کی اجازت دی گئی ہے بل ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو نے پیش کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نیشنل ہیلتھ عبدالقادر پٹیل نے بل میں ترامیم پیش کی جس کی شق وار منظوری اور ترامیم کے بعد کثرت رائے سے منظور کر لیا۔

بقیہ 34

کا اجلاس بلانا آئینی ہے۔ عمران خان ذہنی توازن کھو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار رانا ثناء اللہ خان نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ لینا چاہیے اور اپنے لوگوں کے ساتھ یہ وعدہ کرنا چاہیئے کہ وہ اسمبلی نہیں توڑیں گے، جب 99 فیصد پی ٹی آئی کے لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہم اسمبلیاں توڑنے کے حق میں نہیں تو پھر پرویز الٰہی کیوں اسمبلی توڑ رہے ہیں۔ پرویز الٰہی نے باقاعدہ انٹرویو میں کہا ہے کہ ہمارے 99 فیصد لوگ اسمبلیاں توڑنے کے حق میں نہیں ہیں۔ ایک پاگل اور احمق انسان پی ٹی آئی کو بھی حادثہ سے دوچار کر رہا ہے اور پنجاب حکومت کو بھی حادثہ سے دوچار کر رہا ہے اور نظام کو بھی حادثہ سے دوچار کر رہا ہے۔ اس پاگل انسان کا ادراک کیا جانا چاہیے، اس وقت قوم میں اور اداروں میں ہر جگہ یہ اتفاق رائے ہے کہ اس پاگل آدمی کو روکا جائے ورنہ یہ اس ملک کو کسی حادثہ سے دوچار کر دے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر پرویز الٰہی اعتماد کا ووٹ نہیں لے پاتے تو پھر گورنر پنجاب نئے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کے معاملہ کا نوٹیفکیشن جاری کریں گے اور اس میں (ن) لیگ سمیت سبھی لوگ جاسکتے ہیں

بقیہ 35

،نریندر مودی اپنے متعصبانہ ایجنڈے کو مسلسل آگے بڑھا رہا ہے کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے جماعت اسلامی جو مقبوضہ جموں وکشمیر کی سب سے بڑی سیاسی اور رفاہی جماعت ہے اس کو کالعدم قرار دے کر اس کی قیادت کارکنان اور املاک کو ضبط کرنا بدترین ریاستی دہشت گردی ہے ، جمہوریت اور جمہوری اداروں پر یقین رکھنے والی عالمی برادری اس ریاستی دہشت گردی پر خاموش ہے او آئی سی کے رکن ممالک ہندوستان کا سیاسی، سفارتی اور معاشی بائیکاٹ کریں ،ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ،انہوں نے کہا کہ ہندوستانی جیلوں میں قائدین حریت کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں حکومت پاکستان اور وزارت خارجہ کشمیریوں کی زندگیوں کو بچانے اور کشمیریوں کو ان کا بنیادی اور پیدائشی حق دلانے کے لیے عالمی سطح پر سفارتی مہم منظم کرے ،مودی کے روڈ میپ کے مقابلے میں اسلام آباد سے کونٹر روڈ میپ جاری کیا جائے۔

بقیہ 36

دیا گیا لیکن قانون کے مطابق نوٹس الیکشن کمیشن نے جاری کرنا ہوتا ہے، تحریک انصاف کو نوٹس سیکرٹری نے جاری کیا ہے، کہیں لکھا بھی نہیں کہ کمیشن کے حکم پر کیا گیا۔ انور منصور نے کہا کہ کمیشن کی ہدایت پر بھی شوکاز نوٹس نہیں بھیجا جاسکتا، قانون واضح ہے کہ نوٹس الیکشن کمیشن نے ہی جاری کرنا ہوتا جبکہ الیکشن کمیشن کا مطلب چیف الیکشن کمشنر اور ممبران ہیں۔ ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ نوٹس سیکرٹری بھی جاری کرے تو فرق کیا پڑے گا؟ جس پر انور منصور نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے علاوہ کسی کو نوٹس جاری کرنے کا اختیار ہی نہیں، سپریم کورٹ کے اس نقطے پر فیصلے موجود ہیں کہ کمیشن کا اختیار کوئی اور استعمال نہیں کر سکتا۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ کیا کابینہ کے فیصلوں پر وزراء کے دستخط ہوتے ہیں یا منٹس بنتے ہیں؟ وکیل پی ٹی آئی نے بتایا کہ منٹس میں لکھا جاتا ہے کہ کس نے حمایت کی اور کس نے مخالفت، جس پر چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ کابینہ کا سیکرٹری رہا ہوں، منٹس میں یہ نہیں لکھا جاتا۔ انور منصور نے کہا کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن کے فیصلہ سے آگاہ کر سکتا ہے خود فیصلہ نہیں دے سکتا۔ تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن میں گواہان پیش کرنے کی بھی درخواست دیدی۔ وکیل پی ٹی آئی نے کہا کہ گواہان کو طلب کر کے جرح کرنا چاہتے ہیں، سکروٹنی کمیٹی اور بینک افسران کو طلب کر کے جرح کریں گے، قانون کے مطابق ساعت کے بغیر شوکاز نوٹس پر فیصلہ نہیں ہوسکتا، شوکاز نوٹس پر کارروائی کیلئے تمام چیزیں ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں اس لیے شفاف ٹرائل کا آئینی حق دیا جائے۔ ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ کمیشن نوٹس پر ساعت ہی کر رہا ہے جبکہ ممبر بلوچستان شاہ محمد جتوئی نے کہا کہ ٹرائل تو مکمل ہو چکا ہے اب صرف عملدرآمد ہو رہا۔ انور منصور نے کہا کہ سکروٹنی کمیٹی رپورٹ پر فیصلہ الگ اور فنڈنگ ضبطگی کی کارروائی الگ ہیں، اعلیٰ عدلیہ قرار دے چکی ٹرائل کا آغاز ہوتا ہی شوکاز کے بعد ہے۔ ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ سکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ آئی پھر اس پر ساعت بھی ہوتی رہی، کیا ضروری ہے کہ اب دوبارہ سے ساعت ہو؟ انور منصور نے کہا کہ سکروٹنی کے وقت کوئی شوکاز نوٹس جاری نہیں ہوا تھا۔ چیف الیکشن کمشنر نے استفسار کیا کہ کیا سکروٹنی کمیٹی بننے سے پہلے بھی ساعت نہیں ہوتی رہی؟ وکیل پی ٹی آئی نے کہا کہ سکروٹنی کمیٹی 2018 میں سپریم کورٹ کے حکم پر بنی تھی۔ چیف الیکشن کمشنر نے پوچھا کہ آپ کے مطابق سکروٹنی کمیٹی عدالت نے بنائی کمیشن کا اپنا فیصلہ نہیں تھا؟ انور منصور نے کہا کہ سپریم کورٹ نے تمام جماعتوں کی سکروٹنی کرنے کے احکامات دیے تھے اور سکروٹنی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ہی شوکاز جاری ہوا ہے، انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے کیونکہ فنڈنگ کیس میں سزا ہو سکتی ہے اس لیے فوجداری کیس ہی سمجھا جائے گا، سیاسی جماعت کی فنڈنگ ضبط ہونا بھی ایک سزا ہی ہے۔ ممبر بلوچستان نے استفسار کیا کہ کیا شوکاز نوٹس فیصلے پر عملدرآمد کے لیے نہیں ہے؟ انور منصور نے بتایا کہ عملدرآمد فیصلوں پر ہوتا ہے، کمیشن نے آرڈر دیا تھا حتمی فیصلہ نہیں۔ ممبر بلوچستان نے کہا کہ قانون کہتا ہے ساعت کے بعد فنڈنگ ضبط کرنے کی کارروائی ہوگی، سکروٹنی ہوگئی، شوکاز ہو گیا اب ساعت بھی ہو رہی ہے۔ تحریک انصاف کے وکیل انور منصور خان نے دلائل مکمل کر لیے۔ ایڈیشنل ڈی جی لا نے دلائل میں کہا کہ فنڈنگ ضبطگی کیس میں شواہد ریکارڈ کرنے کی ضرورت نہیں، کبھی کہتے ہیں کمیشن عدالت نہیں کبھی کہتے ہیں عدالتی طریقہ کار اختیار کریں، تحریک انصاف نے تمام ممنوعہ فنڈنگ تسلیم کی ہے، تحریک انصاف کا اعتراض صرف بیرون ملک کمپنیوں کے قیام کے حوالے سے تھا۔ انہوں نے بتایا کہ سکروٹنی کمیٹی کو کہیں سے بھی دستاویزات منگوا کر تصدیق کرنے کا اختیار تھا، پی ٹی آئی نے صرف بتانا ہے کہ اکاؤنٹس چھپائے یا نہیں، فنڈنگ کیوں نہ ضبط کی جائے، تحریک انصاف کے اعتراضات خارج کرتے ہوئے کمیشن کارروائی آگے بڑھائے۔ انور منصور نے جواب الجواب میں کہا کہ کسی عدالت نے نہیں کہا کہ صرف دستاویزات پر فیصلہ کیا جائے، پہلے جو کارروائی ہوئی وہ سکروٹنی کمیٹی کی رپورٹ پر تھی اور اب کارروائی شوکاز نوٹس پر ہے۔ دلائل سننے کے بعد الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے اعتراضات پر فیصلہ محفوظ کر لیا

بقیہ 37

محروم کر دیا مقامی نجی ادارے میں تعینات معلمہ بینش ناز دختر وزیر علی اپنی ہمشیرہ کے ہمراہ نجی کام کے سلسلے میں راولپنڈی گئی ہوئی تھی جہاں میٹرو بس پر سفر کے دوران نا معلوم خاتون چور نے ان کے بڑے پرس میں موجود چھوٹے پرس کو اتنی صفائی سے نکالا کہ انہیں محسوس تک نہ ہوا جس میں موجود چالیس ہزار نقد شناختی کارڈ سمیت دیگر ضروری کاغذات بھی موجود تھے معلمہ نے جملہ خواتین سے کہا کہ میٹرو بس پر سفر انتہائی احتیاط سے کریں تا کہ جیب کتروں اور چوروں سے بچا جاسکے۔

بقیہ 38

پاکستان کی مالی مدد کیلئے ایک ارب 69 کروڑ ڈالر کی منظوری دی گئی، عالمی بینک سندھ کے سیلاب متاثرہ علاقوں کیلئے 5 منصوبوں کیلئے فنڈز دیگا۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پاکستان کیلئے منظور کئے گئے ایک ارب 69 کروڑ ڈالر رقم سیلاب زدہ علاقوں میں بحالی کے کاموں پر خرچ کئے جائیں گے۔ اعلامیے کے مطابق منظور کی گئی سیلاب زدہ علاقوں میں گھروں کی تعمیر، بنیادی صحت مراکز کی تعمیر نو، زرعی شعبے اور لائیو اسٹاک پر خرچ ہوگی۔ ایک ارب 69 کروڑ ڈالرز میں سے 50 کروڑ ڈالر کی رقم انفرا اسٹرکچر کی درستگی پر خرچ کی جائے گی۔ 2 منصوبے ماں اور بچوں کے لئے صحت کی خدمات کیلئے ہونگے، 50 کروڑ ڈالر سندھ میں سیلاب سے بے گھر افراد کے لیے ہنگامی بنیادوں پر گھروں کی تعمیر پر خرچ کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 29 کروڑ ڈالر سندھ میں پانی کی ترسیل اور زراعت کے شعبے میں جدت لانے کے لیے مختص کئے گئے ہیں۔ 20 کروڑ ڈالر سماجی تحفظ اور ترسیلی نظام پر خرچ کئے جائیں گے۔

بقیہ 39

میں کثرت رائے سے عمل میں لائی گئی، واضح رہے کہ کچھ عرصہ سے نائب صدر کا عہدہ خالی تھا جس پر تقرری کی گئی ، غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے صدر سردار راشد نذیر کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں پریس کلب کے انتخابات کے حوالہ سے بھی بحث کی گئی اور چند اہم فیصلہ جات کیئے گئے، اجلاس میں مجلس عاملہ کے ممبران عبدالرزاق، شفقت ضیاء، عابد صدیق، عمران ایوب، اعجاز قمر، عامر حنیف، ظفر نذیر، ساجد محمود، منیب کیانی، عامر جاوید نے شرکت کی۔

بقیہ 40

کھوری مظفرآباد منتقل کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل اسی کیس میں احتساب بیورو نے محکمہ تعمیرات عامہ مینٹیننس ڈویژن مظفرآباد کے کیشیر طارق پرویز کو بھی گرفتار کیا گیا تھا جو اس وقت مظفرآباد جیل میں قید ہے۔ مصدقہ ذرائع کے مطابق دوران تفتیش یہ انکشاف ہوا کہ دونوں ملزمان کیشیر طارق پرویز اور منیجر افتخار حیدری باہمی ملی بھگت کے ساتھ مہتمم اور ناظم کے جائنٹ اکاؤنٹ سے ان کے جعلی دستخطوں کے ساتھ جعلسازی اور فراڈ کے ذریعے ٹھیکیداروں کی کروڑوں روپے کی سیکورٹیز کو بینک سے کیش کرواتے ہوئے عرصہ سے خرد برد کرتے ہوئے آپس میں بندر بانٹ کرتے رہے ہیں، ذرائع نے بتایا ہے کہ بینک منیجر کی گرفتاری سے دوران تفتیش اس میگا سکینڈل میں ملوث دیگر ملوث کرداروں کے خلاف بھی کارروائی کے امکانات ہیں، احتساب بیورو کی جانب سے حالیہ دنوں میں کرپٹ عناصر کے خلاف کی جانے والی ان کارروائیوں کو بڑے پیمانے پر سراہتے ہوئے توقع کی جارہی ہے کہ احتساب بیورو کرپشن کے خاتمے کیلئے آئندہ بھی اس اوپریشن کو جاری وساری رکھے گا۔

بقیہ 41

بلوم برگ سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا کہ بھارتی مسلمان مودی حکومت کے تشدد کا نشانہ بن رہے ہیں، مودی حکومت گجرات میں انتہائی مظالم ڈھا رہی ہے، مودی کی جماعت نے میرے سر کی قیمت لگادی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ میں نے بھارتی وزیراعظم کے بارے میں جو کہا وہ درست کہا، میں نے بھارتی وزیر اعظم سے متعلق تاریخی حقیقت دہرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سیلاب کے بعد عالمی برادری کے تعاون کی ضرورت ہے، سیلاب سے پاکستان میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی۔

بقیہ 42

امور کے اجلاس میں سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد روکنے کا معاملہ زیر غور آیا۔ اجلاس میں شریک آئی ٹی ماہرین نے کہا کہ انٹرنیٹ ایکسچینج پوائنٹ پر توہین آمیز مواد کو روکا جاسکتا ہے، ہیش ٹیگ اور لفظوں کی بنیاد پر مواد بلاک کیا جاسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یو آر ایل لیول پر توہین آمیز مواد بلاک کرنا ممکن ہے۔ ماہرین نے کہا کہ سوشل میڈیا پر موجود مواد کو روکا جاسکتا ہے، توہین آمیز مواد روکنے کے لیے سوشل میڈیا کے لیے سافٹ ویئر بنانا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال کے دوران پی ٹی اے 12 لاکھ سے زائد مواد بلاک کر چکا، جو مواد ان کرپٹڈ نہیں کیا گیا اسے بلاک کر سکتے ہیں۔ وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی حکام نے کہا کہ لیٹ ٹو کمیونی کیشن پر بلاکنگ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ایم این اے شگفتہ جمانی نے کہا کہ توہین آمیز مواد روکنے کے لیے کمیٹی حل نکالے، بہت ہو چکا ہم توہین آمیز مواد کو مزید برداشت نہیں کر سکتے۔ پی ٹی اے حکام نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی ماہرین معاملے کے حل کی ٹائم لائن دے دیں۔

بقیہ 43

سید المالکی سمیت مسلم ممالک کے سفیروں، سفارتکاروں، اعلیٰ سول و عسکری حکام نے بڑی تعداد بھی شریک تھی۔

بقیہ 44

ممکن بنانے پر وزیراعظم آزاد کشمیر کو مبارکباد پیش کی۔ دونوں رہنماؤں کے مابین مسئلہ کشمیر سمیت دیگر اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ صدر مملکت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیریوں کی سیاسی ،سفارتی اور اخلاقی حمایت بھرپور انداز میں جاری رکھے گا۔ انہوں نے شہداء کشمیر کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے صدر مملکت کا شکریہ ادا کیا اور کشمیریوں کی سفارتی ،سیاسی اور اخلاقی حمایت کے اعادے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کی منزل پاکستان ہے اور وہ یہ منزل حاصل کر کے رہیں گے، انہوں نے کہا کہ بیس کیمپ کی حکومت اپنے کشمیری بھائیوں کی مدد کیلئے سرگرم عمل ہے، انہوں نے صدر مملکت کو آزاد جموں و کشمیر میں تحریک انصاف کی حکومت کے عوام دوست اقدامات سے متعلق بھی آگاہ کیا۔

بقیہ 45

کو ایوان سے اعتماد کا ووٹ نہ لینے دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ گزشتہ روز چوہدری شجاعت حسین کے بیٹے سالک حسین نے آصف زرداری سے ملاقات کی تھی جس میں والد کا خصوصی پیغام پہنچایا تھا۔ دوسری جانب گورنر پنجاب کی جانب سے وزیراعلی کو اعتماد کا ووٹ لینے اور پنجاب اسمبلی میں عدم اعتماد کی تحریک کے معاملے پر پرویز الٰہی نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب سمیت قانونی ماہرین کا اجلاس طلب کر لیا ہے۔

بقیہ 46

راولاکوٹ کی میئر شپ کیلئے جوڑ توڑ جاری ہے اور اس دوڑ میں شامل تمام جماعتوں یا امیدواران نے رابطوں کا سلسلہ تیز رکھا ہے اور ان کے مابین جو بھی میٹنگز ہو رہی ہیں فی الحال اس کا کوئی اعلامیہ سامنے نہیں آسکا، پانیولہ سے نامہ نگار کے مطابق پانیولہ کی نواحی یونین کونسلوں بھنا کھہ بنگوئیں جنڈالہ تمروٹہ پاچھیوٹ اور ہورنہ میرہ میں چیئرمین اور وائس چیئرمینوں کے انتخاب کے لئے جوڑ توڑ عروج پر پہنچ گیا بلدیاتی انتخابات میں کامیاب ہونے والے آزاد امیدواروں کی اہمیت بڑھ گئی یونین کونسل بنگوئیں اور تمروٹہ جنڈالہ کے علاوہ دیگر یونین کونسلوں میں کسی جماعت کی واضح اکثریت نہ ہونے کے باعث آزاد امیدواروں پر توجہ مرکوز ہے جنکا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہوگا حکمران جماعت بھی اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائے گی تاہم زیر التوا پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کے بعد مخصوص نشستوں اور چیئرمین یونین کونسلز کے لئے شیڈول کا اعلان ہوتے ہیں جوڑ توڑ حتمی شکل اختیار کر لے گا۔

بقیہ 47

کیلئے ایوان میں فاتحہ خوانی کروائی۔ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران قائد حزب اختلاف چوہدری لطیف اکبر کے سوال پر وزیر بلدیات ودیہی ترقی و ڈویلپمنٹ اتھارٹی مظفرآباد خواجہ فاروق احمد نے ایوان کو بتایا کہ آزادی چوک نزد سیکرٹریٹ سرکار دربار کو ختم نہیں کیا گیا بلکہ دربار شریف کی مناسبت سے قل شریف اس جگہ نصب کی گئی ہے۔ آزادی چوک یادگار کو اسی جگہ نمایاں مقام پر نصب کیا جا رہا ہے۔ سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان اور غزالی صاحب جو حریت کانفرنس کے نمائندہ ہیں، کی مشاورت سے یہ عمل تکمیل کروایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر کی ہدایات کی روشنی میں مظفرآباد شہر کی تزئین و آرائش اور Uplifiting کی جارہی ہے۔ آزادی چوک میں نصب Sign of Victory زیبائشی پودہ جات میں چھپ گیا تھا اور نمایاں نظر نہیں آ رہا تھا، کو اسی مقام پر Round about پر نمایاں جگہ پر نصب کیا جار ہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالہ سے کہیں کمی بیشی ہے تو مشاورت سے دور کر دیں گے۔ وزیر ہائر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک نے کہا کہ محکمہ ہائر ایجوکیشن میں ٹرانسفر پالیسی کو مزید بہتر کر رہے ہیں جبکہ کالجز میں درکار سٹاف کی کمی کو پورا کرنے کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ممبر اسمبلی چوہدری محمد یاسین کے سوال پر وزیر ہائر ایجوکیشن نے ایوان کو بتایا کہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چوک صاحباں ضلع کوٹلی میں مورخہ 12.10.2022 کو مسٹر محمد یونس ایسوسی ایٹ پروفیسر کو مستقل بنیادوں پر پرنسپل تعینات کر دیا گیا ہے۔ کل آسامیوں کی تعداد 11 ہے۔ موجودہ تعینات شدہ کالج اساتذہ کی تعداد 07 ہے اور 04 آسامیاں خالی ہیں۔ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج دولیاں جٹاں ضلع کوٹلی میں سردار حمید خان سکیل (بی ایس۔18) انچارج پرنسپل تعینات ہیں۔ جلد ہی مستقل بنیادوں پر اس کالج میں پرنسپل کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ کل آسامیاں 12 ہیں اور خالی آسامیاں 04 ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خالی آسامیوں کے خلاف تعیناتیاں جلد عمل میں لائی جائیں گی۔ ممبر اسمبلی نثارہ عباسی کے سوال پر وزیر ہائر ایجوکیشن نے ایوان کو بتایا کہ میرپور بورڈ کے سالانہ امتحانات میں طلبا/طالبات جنہوں نے 45 فیصد سے کم نمبرات لیے اور انکو سرکاری یا پرائیویٹ یونیورسٹیز میں داخلہ نہ دیے جانے کے حوالے سے آج اجلاس طلب کر رکھا ہے۔ وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن دیوان علی خان چغتائی نے سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان کے سوال پر ایوان کو بتایا کہ بنی لنگر یال گرلز سکول کی اپ گریڈیشن کے حوالہ سے پراسس مکمل ہو گیا ہے۔ ممبر اسمبلی سردار جاوید ایوب کے سوال پر وزیر تعلیم دیوان علی خان چغتائی نے ایوان کو بتایا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بٹل کو شفٹ کرنے کا کوئی بھی معاملہ زیر غور نہیں اور نہ ہی اس حوالہ سے کوئی کارروائی زیر کار ہے۔ ممبر اسمبلی سردار حسن ابراہیم کے سوال پر دیوان علی خان چغتائی نے کہا کہ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ راولاکوٹ میں گزشتہ ڈیڑھ سال میں کسی بھی درجہ کی آسامی پر تقرری نہیں کی گئی۔ وزیر برقیات چوہدری ارشد حسین نے ممبر اسمبلی چوہدری عامر یاسین کے سوال پر ایوان کو بتایا کہ 33KV کا سہارا گرڈ اسٹیشن جون 2023 میں مکمل ہوگا جس پر 83.80 ملین روپے لاگت آئیگی ۔ قائد حزب اختلاف چوہدری لطیف اکبر کے سوال پر وزیر ہائر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک نے ایوان کو بتایا کہ کیڈٹ کالج چھتر کلاس میں مختلف اسامیوں پر بھرتی کے لئے اشتہار مورخہ 20-04-2021 کو دیا گیا۔ جس کے تحت درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 30-04-2021 مقرر تھی۔ اشتہار میں باقاعدہ شرائط بھی درج ہیں۔ اشتہار میں درج آسامیوں کے خلاف اشتہار سے قبل کسی بھی اسامی کے خلاف تقرری عمل میں نہیں لائی گئی۔ اشتہار 21 اسامیوں پر مشتمل تھا۔ جس کے خلاف پورے آزاد کشمیر کے علاوہ پاکستان سے بھی امیدواران نے اپنی درخواستیں جمع کروائیں۔ ان آسامیوں پر بھرتی کی کارروائی دو فیزز میں کی گئی۔ کیونکہ کالج ہذا میں بھرتی کے لئے حکومت کی طرف سے 02 مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں۔ پہلے فیز میں اشتہار کی روشنی میں تحت ضابطہ کارروائی بوجہ کرونا ایمرجنسی تقریباً پانچ ماہ کی تاخیر کے بعد ماہ اگست وستمبر میں عمل میں لائی گئیں۔ جس میں 10 لیکچررز کی تقرری بعد از تحریری امتحان ڈیمانسٹریشن وسلیکشن بورڈ عمل میں لائی گئی۔ جس کی سلیکشن کمیٹی چیف سیکرٹری آزاد جموں وکشمیر کی سربراہی میں قائم ہے۔ کمیٹی کی سفارشات پر تقرریاں عمل میں لائی گئیں۔ فیز دوم میں باقی 11 اسامیوں پر تحریری امتحانات منعقد کیئے جا چکے ہیں جس کے لئے انٹرویو و تقرری کی کارروائی رواں ہفتے میں مکمل ہو جائے گی۔ علاوہ ازیں کالج کے قیام سے لے کر اب تک یومیہ اجرت والے ملازمین کام کر رہے ہیں جن کی تعداد 47 ہے اور ان میں سے کچھ 7 سے 8 سال تک کی سروس کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اشتہار سے قبل کوئی غیر قانونی تقرری عمل میں نہیں لائی گئی۔ اس معاملہ پر سپیکر چوہدری انوار الحق نے وزیر ہائر ایجوکیشن کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دیدی جس میں قائد حزب اختلاف چوہدری لطیف اکبر، وزرا حکومت چوہدری اظہر صادق ، دیوان علی خان چغتائی اور ممبر اسمبلی میاں عبدالوحید شامل ہیں۔ اجلاس میں ممبر اسمبلی چوہدری قاسم مجید کے سوال پر وزیر تعمیرات عامہ چوہدری اظہر صادق نے ایوان کو بتایا کہ منظور شدہ ترقیاتی سکیم "Restoration of Rain Damaged due to Moonsoon Network" لمبائی 25 کلومیٹر LA-2 چکسواری ضلع میرپور سے متعلق ہے۔ منظور شدہ سکیم میں سے نشاندہ دہ سوال کے مطابق 4 کلومیٹر لنک روڈز کے پیکج کا کام مالیتی 31.709 ملین روپے زیر ورک آرڈر نمبر 41-1136 مورخہ 16-02-2016 بحق ٹھیکیدار " محمد صابر اینڈ کو " کو کام الاٹ ہوا تھا۔ 4 کلومیٹر لنک روڈز میں سے 2.77 کلومیٹر لنک روڈز کا کام مکمل ہو چکا ہے جو کہ 69% بنتا ہے اور اس 21.409 ملین (2,140,9000/-) روپے ورک ڈن ادائیگی کی جاچکی ہے جو 67.51 فیصد بنتی ہے۔ لنک روڈ بڑجن ڈسپنسری تا دربار کی لمبائی 1.20 کلومیٹر ہے اس اسکا 100% کام مکمل ہے۔ لنک روڈ بڑجن قلعہ تا ہاؤس فاضل 0.80 کلومیٹر ہے اور مقامی آبادی سڑک کی تعمیر کے لئے درکار زمین فراہم نہیں کر رہی ۔ لنک روڈ مواہ تا میراہ جنڈالہ 1 کلومیٹر ہے اور اسکا 100% کام مکمل ہے۔ لنک روڈ مواہ خاص تا نیو آبادی چھپراں 1 کلومیٹر ہے اور 0.57% کلومیٹر مکمل ہے جبکہ بقیہ 0.43 کلومیٹر کے لئے مقامی آبادی درکار زمین فراہم نہیں کر رہی۔ اس تفصیل کے مطابق اب تک ورک ڈن 21.409 ملین روپے کی ادائیگی ہوئی ہے 4 کلومیٹر میں سے 2.77 کلومیٹر روڈز کا کام مکمل ہے۔ 1.23 کلومیٹر روڈ کی تعمیر کے لئے مقامی آبادی درکار زمین فراہم نہیں کر رہی جس کی وجہ سے موقع پر کام شروع نہیں کروایا جاسکا۔ کیونکہ PC-I میں اراضی کے حصول کے Land Acquisition کی رقم مختص نہ ہے۔ لوکل کمیونٹی کی طرف سے بلامعاوضہ اراضی فراہم کرنے پر ہی روڈ تعمیر کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 48

نثاراں عباسی کے توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں موسٹ سینئر وزیر خواجہ فاروق احمد نے کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل کے پیش نظر وزیر ہائیر ایجوکیشن ملک ظفر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو اب فعال ہو کر اپنا کام شروع کرے گی اور یونیورسٹی میں خواتین کو درپیش مسائل کو حل کریں گے۔ اس حوالہ سے صدر ریاست نے بھی بطور چانسلر ایک کمیٹی بنائی ہے اور وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے اپنی بجٹ تقریر میں آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی سٹی کیمپس مظفرآباد کو خواتین کے لئے الگ کیمپس مختص کرنے کے بھی احکامات صادر فرمائے ہیں جس پر کام جاری ہے۔ اس پر سپیکر اسمبلی چوہدری انوار الحق نے رولنگ دی کہ خواتین کے لیے الگ کیمپس بنایا جائے اور اس پر جلد از جلد کام شروع کیا جائے۔ کیونکہ بیٹیاں سب کی سانجھی ہوتی ہیں۔ ممبر اسمبلی نثاراں عباسی کے توجہ دلاؤ نوٹس میں کہا گیا کہ آزاد کشمیر بھر میں یونیورسٹیز کے اندر طالبات کے حوالہ سے مختلف سکینڈلز سامنے آ رہے ہیں جس کی وجہ سے والدین بچیوں کے تعلیمی مستقبل سے انتہائی تشویش میں مبتلا ہیں۔ وویمن یونیوسٹی باغ ایک ایسا ادارہ ہے جہاں والدین بے خوف وخطر اپنی بچیوں کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے بھیج رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ والدین کی پریشانی اور تشویش کو دور کرنے کے لیے وویمن یونیورسٹی باغ کے کیمپس تمام اضلاع کے اندر شروع کیے جائیں جہاں والدین اپنی بچیوں کو بلا جھجک تعلیم حاصل کرنے کے لیے بھیج سکیں ۔ حکومت سے مطالبہ ہے کہ وویمن یونیورسٹی باغ کے کیمپس تمام اضلاع بالخصوص مظفرآباد، میرپور، کوٹلی اور راولاکوٹ میں شروع کیے جائیں تا کہ والدین کی بچیوں کے حوالہ سے تشفی ہو سکے۔

بقیہ 49

کو ایک نئی محرک اور فعال ٹیم دیکر میدان میں اتارا جائے گا۔ مسلم کانفرنس کی روایت ہے کہ ہم اپنا اُمیدوار میدان میں نہیں اتارتے لوگ از خود کسی شخص کا نام صدارت کے لیے تجویز کرتے ہیں۔ میں تجاویز دینے والوں کا شکر یہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ مجھے اُن کے اعتماد پر پورا اترنے کی توفیق دے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مجاہد منزل میں مبارکباد دینے کیلئے آنے والے علامہ پیر سید چراغ الدین، نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر راجہ تنارک علی، سردار ابرار آزاد ایڈووکیٹ، سردار فیصل رفیق، بشیر حسرت، سردار سجاد سلیم، تنویر سرور، راجہ اشتیاق اور دیگر وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں ہونے والی خرابیوں کے ازالہ کے لیے ایک مضبوط اور متحرک مسلم کانفرنس کا وجود ضروری ہے۔ وفاق میں بننے والی ہر حکومت نے مسلم کانفرنس کا خاتمہ اپنی ترجیحات میں سر فہرست رکھا۔ لیکن میں سلام پیش کرتا ہوں مسلم کانفرنسی کارکنوں کو کہ جنھوں نے مسلم کانفرنس کے ساتھ اپنی نظریاتی وابستگی کو قائم رکھا۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کے مضبوط عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو ہندوستان کے ظالمانہ اور غیر انسانی رویے کے باوجود آزادی کے اپنے مقدس مشن پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ مسلم کانفرنس نے ہر فورم پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا اور ہمیشہ کشمیریوں کے حقوق کی بات کر یگی۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل، ایمنسٹی انٹرنیشنل، ہیومن رائٹس واچ اور بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی سمیت انسانی حقوق کی دیگر بین الاقوامی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ کشمیری نظربندوں کی حالت زار کا نوٹس لیں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کریں کیونکہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں صورتحال انتہائی سنگین ہو چکی ہے جہاں منظم طریقے سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں اور ناانصافیاں جاری ہیں۔

بقیہ 50

موقع پر وفاقی وزیر چوہدری سالک اور طارق بشیر چیمہ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ناصر حسین شاہ اور ملک احمد خان نے پنجاب میں جاری سیاسی پنجہ آزمائی پر بریف کیا۔ اس موقع پر دونوں سیاسی شخصیات نے پنجاب اسمبلی میں اعتماد کے ووٹ اور تحریک عدم اعتماد پر حتمی مشاورت کی۔ دونوں نے اتفاق کیا کہ بہت جلد ہمارا وزیراعلی پنجاب ہوگا۔ ملاقات کے دوران انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے بھی رابطہ کیا۔ چوہدری شجاعت سے ملاقات سے پہلے آصف زرداری سے نواز شریف نے بھی ٹیلی فون پر گفتگو کی تھی۔

بقیہ 51

سے منظور کر لی گئی۔ دریں اثناء اجلاس بدھ دن 11 بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 52

پاکستان تحریک انصاف کے ٹکٹ پر محمد امتیاز انجم، جموں وکشمیر پیپلز پارٹی محمد نجیب خان، پاکستان پیپلز پارٹی کے محمد رمضان، جماعت اسلامی غلام مرتضیٰ، جبکہ محمد ادریس آزاد حیثیت سے ان انتخابات میں حصہ لیں گے، امیدواران کی جانب سے بھرپور انداز میں انتخابی مہم جاری ہے، یاد رہے کہ اس وارڈ میں پاکستان تحریک انصاف کے نامزد امیدوار کی اچانک وفات کی وجہ سے انتخابات کو ملتوی کر دیا گیا تھا

بقیہ 53

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں بیٹھ کر موجودہ سیاسی صورتحال دیکھ رہا ہوں، گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف نے آصف علی زرداری سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری چوہدری شجاعت حسین سے ملنے گئے تھے، اسمبلیاں تحلیل ہوتی ہیں تو 90 روز کے اندر انتخابات ہو سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ حکومت کا کام فنڈز جاری کرنا ہے انتخابات کرانا نہیں، آئندہ انتخابات مردم شماری کے بعد ہی ہوں گے جس کے لئے حکومت فنڈز جاری کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی الیکشن ہوں گے ہم تیار ہیں، امید ہے کہ ہمیں الیکشن میں کامیابی ملے گی ،انتخابات کی تاریخ کا فیصلہ الیکشن کمیشن نے ہی کرنا ہے، الیکشن کمیشن انتخابات کا اعلان کرے گا تو ہم بھی تیار ہیں، چیف الیکشن کمشنر اپنا آئینی کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر ایوان صدر کا دورہ کیا، جب صدر عارف علوی سے ملاقات ہو تو باتیں ہوتی رہتی ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات اور ڈالر کی قیمت میں واضح کمی آچکی ہے، 40 ماہ کی اقتصادی تباہی کو 5 سے 6 ماہ میں ٹھیک نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی کی بات کا جواب نہیں دیتا، مفتاح اسماعیل تجزیہ کار بن کر کافی باتیں کہتے ہیں جو نہیں ہونی چاہئیں۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ نواز شریف کی وطن واپسی میڈیکل کلیئرنس سے مشروط ہے، پاکستان ڈیفالٹ نہیں کرے گا۔

بقیہ 54

اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بارے میں وفاقی وزرا پریس کانفرنس کر چکے ہیں، وفاقی وزرا نے کابینہ اجلاس کے حوالے سے تفصیلات بیان کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ کے اعلامیہ کے حوالے سے میڈیا میں چلنے والی خبریں درست نہیں ہیں۔

بقیہ 55

اطلاعات، سید وحید ظفر گیلانی چیف آرگنائزر، انجینئر محمد نذیر مغل سینئر نائب صدر، انجینئر امجد صدیق، انجینئر نیاز کیانی، انجینئر مبشر سرفراز، انجینئر محمود راٹھور، انجینئر ندیم سرور نائب صدور، انجینئر کلیم عارف، انجینئر قاضی خالد ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، انجینئر شعیب اسلم جوائنٹ سیکرٹری ،انجینئر ابوبکر مزمل کو سیکرٹری اطلات نامزد کر دیئے گئے ،اس کے علاوہ جملہ محکمہ جات لوکل گورنمنٹ تعمیرات عامہ برقیات، پی این ڈی، سی ڈی او سے بڑی تعداد میں انجینئرز کی شرکت ، جملہ محکمہ جات کے چیف انجینئرز پر مشتمل کور کمیٹی تشکیل دے دی گئی ،اجلاس میں باقاعدہ تنظیم کو رجسٹرڈ کرنے کیلئے لائحہ عمل طے کیا گیا، جلد عبوری باڈی کے حلف کیلئے بھی حکمت عملی طے کی جائے گی ،انجینئر کا ریاستی ترقی میں اہم رول ہے، لیکن انجینئرز کی نمائندہ تنظیم نہ ہونے کی وجہ سے انجینئر بے شمار مسائل کا شکار ہیں جن کے تدارک کیلئے رجسٹرڈ نمائندہ تنظیم اشد ضروری ہے۔ اجلاس میں محمد اسلم اعوان چیف انجینئر لوکل گورنمنٹ، چوہدری احمد علی ناظم تعمیرات عامہ، سید وحید ظفر گیلانی ناظم برقیات کے علاوہ تمام محکمہ جات تعمیرات عامہ، برقیات، لوکل گورنمنٹ، سی ڈی او سے انجینئرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

City Institute of Medical Sciences (CIMS)
الحاق شدہ
- پنجاب میڈیکل فیکلٹی، گورنمنٹ آف پنجاب
- فارمیسی کونسل آف پاکستان
ADMISSION OPEN
2 YEARS DIPLOMA
Eligibility: Matric Science with 2nd Division
ڈپلومہ کے بعد روزگار کے بے شمار مواقع
تعلیم، روزگار اور خدمتِ خلق ایک ساتھ
ڈسپنسر ٹیکنالوجی | میڈیکل لیب ٹیکنالوجی | آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی | ریڈیوگرافی/ امیجنگ ٹیکنالوجی | فارمیسی ٹیکنیشن (بی۔ کیٹگری)
Hajira Bypass Road, Rawalakot AJK 05824-444222, 0333-0934594, 0348-1523107

پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولت فراہم کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے ڈی ایچ او پونچھ

ملازمین وقت کی پابندی کو ہر صورت یقینی بنائیں، آزاد کے تمام مراکز صحت میں کوٹہ کی بنیاد پر ادویات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے

محکمہ صحت بھرپور اقدامات کر رہا ہے، ہماری کوشش ہے کہ صحت کی سہولیات بہتر انداز میں مقامی سطح پر مہیا کی جائیں، ڈاکٹر جواد کیانی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈی ایچ او پونچھ ڈاکٹر جواد کیانی نے داتوٹ مراکز صحت میں ای سی جی کی سہولت فراہم کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کو گھر کی دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولیات ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس موقع پر انہوں نے ملازمین کو ہدایت دیں کہ ملازمین وقت کی پابندی کو ہر صورت یقینی بنائیں، آزاد کے تمام مراکز صحت میں کوٹہ کی بنیاد پر ادویات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

ترکیہ میں انٹرنیشنل کشمیر کانفرنس منعقد کی جائے گی، عبدالرشید ترابی

کشمیریوں کو بھارت نے 75 برس سے انسانی حق سے محروم کر رکھا ہے

استنبول (کے این این) جماعت اسلامی آزاد جموں و کشمیر کے سابق امیر عبدالرشید ترابی نے کہا ہے کہ ترکیہ کی نوجوان نسل اور اہل دانش کو مسئلہ کشمیر بارے حقائق سے آگاہ کرنے کے لیے ترکیہ کی جامعات کے زیر اہتمام عالمی کشمیر کانفرنس پر اتفاق کیا گیا ہے، ترکیہ میں جیوگرافک سوسائٹی کے زیر اہتمام کشمیر کانفرنس منعقد کی جائے گی جس میں ترکیہ کے تمام جامعات کے طلبہ اور ان کے نمائندے شریک ہوں گے، ترکیہ سے نہ صرف کشمیری عوام بلکہ دنیا بھر کے مظلوم انسان توقعات وابستہ کیے ہوئے ہیں، (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

کھڑک ڈنہ کے سردار واجد حلیم کی
اہلیہ محترمہ انتقال کرگئیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے قریبی گاؤں کھڑک ڈنہ سے تعلق رکھنے والے سیاسی و سماجی رہنما سردار واجد حلیم کی اہلیہ محترمہ انتقال کر گئیں ان کی نماز جنازہ ان کے گھر کے قریب ادا کی گئی، نماز جنازہ میں مختلف مکاتب فکر کے زعما سمیت عوام علاقہ کی ایک کثیر تعداد نے (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

سردار عتیق احمد کی قیادت میں مسلم کانفرنس آزاد کشمیر میں بھرپور قوت بن کر ابھرے گی، نوازحیات

سردار عتیق احمد خان کے صدر منتخب ہونے سے کارکنان مسلم کانفرنس ایک نئے جذبہ سے پورے آزاد کشمیر میں متحرک ہو چکے ہیں

بہت جلد پورے آزاد کشمیر میں تنظیم سازی کی جائے گی، جس میں مخلص و نظریاتی کارکنان کو عہدیدار بنایا جائے گا، گفتگو

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے رہنما حاجی سردار نوازحیات خان نے قائد کشمیر سردار عتیق احمد خان کو آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان کی قیادت میں ایک بھرپور قوت بن کر آزاد کشمیر میں ابھرے گی، سردار عتیق احمد خان کے صدر منتخب ہونے سے مسلم کانفرنس میں ایک نئے جذبہ سے پورے آزاد کشمیر میں متحرک ہو چکے ہیں اور کارکنان میں خوشی کی لہر پائی جا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ بہت جلد پورے آزاد کشمیر میں تنظیم سازی کی جائے گی، جس میں مخلص و نظریاتی کارکنان کو (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

خواتینکے حقوق، قانون سازی سے آگاہی ضروری ہے، اکرام الحق

محکمہ ترقی نسواں حکومتی ترجیحات کی روشنی میں موثر اقدامات اٹھا رہا ہے، خطاب

مظفرآباد (کے این این) ڈائریکٹر وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ آزاد کشمیر اکرام الحق نے کہا ہے کہ خواتین کو انکے حقوق اور قانون سازی کے حوالہ سے آگاہی ضروری ہے وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حکومتی ترجیحات کی روشنی میں موثر اقدامات اٹھا رہا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ آزاد کشمیر کے زیر اہتمام نئی قانون سازی اور خواتین کی ترقی کے حوالے سے تین روزہ کپیسٹی بلڈنگ ورکشاپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس سے سوشل ویلفیئر آفیسر مختار احمد اعوان، سی بی ٹی انچارج ٹیوٹا محمد حسین (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

محکمہ زراعت ضلع جہلم ویلی کا سٹاف
فرائض کی انجام دہی میں مصروف

مظفرآباد (صباح نیوز) محکمہ زراعت ضلع جہلم ویلی کا سٹاف اپنے فرائض کی انجام دہی جانفشانی سے کرنے میں مصروف عمل ہے۔ نائب ناظم زراعت ضلع جہلم ویلی مبشر سیف کی رہنمائی میں تمام آفیسران واہلکاران اپنے تجویز کردہ ٹارگٹس کو بخوبی حاصل کر رہے ہیں ضلع (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

پانیولہ بجلی کی غیر علانیہ لوڈشیڈنگ صارفین اور تاجران کا جینا محال، کاروبار زندگی مفلوج

حالیہ صورتحال میں عوام اور تاجروں کی مشکلات میں بتدریج اضافہ ہوتا جا رہا ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا

سب ڈویژن پانیولہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل بندش پر قابو نہ پایا گیا تو شدید احتجاجی تحریک چلائی جائے گی، تاجران

پانیولہ (نامہ نگار) سب ڈویژن پانیولہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام اور تاجروں کا جینا دو بھر کر دیا معمولات زندگی مفلوج اور کاروبار بری طرح متاثر ہو کر رہ گئے عوامی حلقوں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ آزاد کشمیر کے باقی علاقوں کی نسبت سب ڈویژن پانیولہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل بندش پر قابو نہ پایا گیا تو شدید احتجاجی تحریک چلائی جائے گی کیونکہ نواحی ضلع باغ اور پونچھ کے دیگر علاقوں کی نسبت پانیولہ میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ ضرورت سے زیادہ ہے جس کے خلاف ان حلقوں نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ برقیات کے حکام کو خبردار کیا ہے کہ اس علاقے کے عوام سے سوتیلی (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

تحصیلدار دھیرکوٹ سید ضمیر حسین شاہ کا دھیرکوٹ بازار کا دورہ

ڈی سی کی ہدایت پر پرائس کنٹرول اور تجاوزات کی روک تھام احکامات دیے

مظفرآباد دھیرکوٹ (کے این این) تحصیلدار دھیرکوٹ سید ضمیر حسین شاہ کا دھیرکوٹ بازار کا دورہ، پرائس کنٹرول اور تجاوزات کی روک تھام کے لیے ہدایات جاری۔ تفصیلات (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

کورونا، مزید 8 کیسز رپورٹ، 25
مریضوں کی حالت نازک

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

سنی علماء کونسل راولپنڈی کے زیر اہتمام سیرت خاتم المعصومین کانفرنس کا انعقاد 25 کو ہو گا

امت مسلمہ اغیار کے چنگل سے نکل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہو تو جملہ بحرانوں سے نکلا جا سکتا ہے

نبی کریم صلی ﷺ نے اسلام کا عادلانہ نظام دیکر عالم انسانیت کو ظلم، غلامی، بے روزگاری سے چھٹکارا دلایا، تنویر عالم فاروقی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہونے میں ہی کامیابی کا راز مضمر ہے 25. دسمبر کرکٹ گراؤنڈ کھنہ پل میں سنی علماء کونسل راولپنڈی کے زیر اہتمام تاریخ ساز سیرت خاتم المعصومین کانفرنس کا انعقاد ہو گا۔ ان خیالات (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

5 جنوری کو مظفرآباد میں حق خودارادیت ریلی نکالی جائے گی

جموں و کشمیر میں بھارتی جنگی جرائم کیخلاف صدائے احتجاج بلند کی جائیگی

مظفرآباد (کے پی آئی) کشمیری عوام کے یوم حق خودارادیت کے موقع پر 5 جنوری کو مظفرآباد میں ایک عظیم الشان عوامی "حق خودارادیت ریلی" نکالی جائے گی پاسبان حریت جموں و کشمیر کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان عوامی "حق خودارادیت ریلی کے موقع پر شہری اقوام متحدہ سے (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

جموں و کشمیر میں بھارتی سرمایہ کاری
کے دعوے جھوٹے ہیں، محبوبہ مفتی

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر کی سابق وزیر اعلی اور جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

آزاد کشمیر پنشنرز ایسوسی ایشن کا تین ماہ کے دس فیصد بقایاجات کی ادائیگی کا مطالبہ

چاروں صوبوں سمیت جی بی کے پنشنرز کو دس فیصد پنشن مل چکی ہے آزاد کشمیر کے پنشنرز سے سوتیلی ماں جیسا سلوک برداشت نہیں کریں گے

اپنے مطالبات کے حق میں ''نئی تحریک ساڈا حق ایتھے رکھ شروع کرینگے'' اور آزاد کشمیر بھر میں احتجاج اور مظاہرے ہونگے، مقررین

مظفرآباد (کے این این) آزاد کشمیر پنشنرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے پنشنرز کے تین ماہ کے دس فیصد بقایاجات از یکم اپریل تا 30 جون 2022 ادا فی الفور ادا کیے جائیں، وزیراعظم پاکستان کے اعلان پر چاروں صوبوں سمیت جی بی کے پنشنرز کو دس فیصد پنشن مل چکی ہے آزاد کشمیر کے پنشنرز سے سوتیلی ماں جیسا سلوک کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، آزاد کشمیر پنشنرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کہا کہ اپنے مطالبات کے حق میں ''نئی تحریک ساڈا حق ایتھے رکھ شروع کرینگے'' اور آزاد کشمیر بھر میں احتجاج اور مظاہرے ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

کشمیر بنے گا پاکستان
قائد مسلم کانفرنس، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر
سردار عتیق احمد خان صاحب
کو صدر آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس منتخب ہونے پر
مبارکباد
پیش کرتے ہیں
منجانب
سردار نواز حیات

ایم این سی ایچ پروگرام کے ملازمین کی فراغت ظلم ہے، شازہ عباسی

حکومت کا کام بیروزگاروں کو روزگار فراہم کرنا ہے فارغ کرنا نہیں

مظفرآباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کی مرکزی رہنما، ممبر قانون ساز اسمبلی محترمہ شازہ عباسی نے کہا ہے کہ ایم این سی ایچ پروگرام کے ملازمین کی فراغت ظلم ہے، حکومت کا کام بیروزگاروں کو روزگار فراہم کرنا ہے، موجودہ حکومت نے روزگار چھین کر سینکڑوں خاندانوں کے منہ سے نوالا چھین لیا ہے، گزشتہ روز میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

باغ:۔ میجر بدر منیر کو ریٹائرمنٹ پر شیلڈ دی جا رہی ہے۔

مقبوضہ کشمیر، سردترین چالیس دنوں پر مشتمل چلہ کلاں کا آغاز

بیشتر مقامات پر پانی کے نل منجمد، آبی ذخائر اور ڈل جھیل بھی جم گئی

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر میں سال کے سردترین چالیس دنوں پر مشتمل چلہ کلاں کا آغاز ہوگیا ہے۔ بیشتر مقامات پر پانی کے نل منجمد اور مختلف آبی ذخائر سمیت مشہور و معروف ڈل جھیل بھی جم گئی ہے۔ کرگل میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 10.6 جبکہ ضلع لیہہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 10.2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے۔ رواں برس چلہ کلاں شروع ہونے سے قبل ہی پہاڑی اور میدانی علاقوں میں برف باری اور بارشیں شروع ہوگئی ہیں جس کی وجہ سے کشمیر اور خطہ لداخ میں شدید (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

کوٹلی، رجسٹرڈ پریس کلبوں کے انتخابات 25 دسمبر کو ہوں گے

پولنگ 25 دسمبر ڈسٹرکٹ پریس کلب میں صبح 11 سے 3 بجے تک ہوگی

کوٹلی (پی آئی ڈی) آزاد جموں و کشمیر پریس فاؤنڈیشن کی ہدایت کی روشنی میں ضلع کوٹلی سے رجسٹرڈ پریس کلب کے انتخابات کے حوالے سے الیکشن کمشنر شوکت ملک کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب کوٹلی شوکت قمر، صدر تحصیل پریس کلب فتح پور تھکیالہ سردار عبدالقیوم طاہر، صدر تحصیل پریس کلب کھوئیرٹہ اظہر ملک اور ممبر بورڈ آف گورنرز پریس فاؤنڈیشن شوکت کھوکھر نے شرکت کی۔ اجلاس میں 25 دسمبر 2022 کو (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

میجر بدر منیر اپنی سروس پوری کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے

سی ایم ایچ راولاکوٹ میں سروس کا آخری حصہ گزار، خدمات کی تحسین

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک آرمی میں 24 سالہ عسکری خدمات سرانجام دینے کر بعد میجر بدر منیر پاکستان آرمی میں اپنی سروس پوری کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے ہیں، میجر بدر منیر نے پاک آرمی میں 24 سالہ عسکری خدمات سرانجام دینے کے بعد سی ایم ایچ راولاکوٹ سے ریٹائرڈ ہوئے، بدر منیر نے آرمی میں 20 سال لائن آف کنٹرول میں دشمن کی افواج کا مقابلہ کیا اور بھارتی فوج کو (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

سیکرٹری زراعت جاوید ایوب کی ہدایت پر سوموار میٹنگز کا انعقاد

مختلف پراجیکٹ پر کام جاری ہے وہ بھی جلد مکمل کر لیا جائیگا، ذمہ داران

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سیکرٹری زراعت و آبپاشی جاوید ایوب کی ہدایت پر آزاد کشمیر بھر میں میٹنگز کا انعقاد کیا گیا جس میں محکمہ زراعت امور حیوانات، اور آبپاشی کے آفیسران واہلکاران، زمینداران نے شرکت کی، اس موقع پر ذمہ داران کا کہنا تھا کہ زمینداران کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، سیکرٹری زراعت کی خصوصی دلچسپی کی وجہ سے محکمہ جات اور زمینداروں کے درمیان روابط قائم ہوئے ہیں مختلف منصوبہ جات بھی مشترکہ حکمت عملی سے مکمل کر لیے گئے ہیں، اور مختلف یونین (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

محکمہ اطلاعات اور صحافیوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے، سیکرٹری اطلاعات

ہمیشہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا

مظفرآباد (پی آئی ڈی) ورکنگ جرنلسٹس اور محکمہ اطلاعات کے ملازمین کے درمیان ہونے والے واقعہ پر سیکرٹری اطلاعات و آئی ٹی محترمہ مدحت شہزاد اور ڈائریکٹر اطلاعات مرزا محمد بشیر کی پریس کلب آمد۔ اس موقع پر ورکنگ جرنلسٹس سے مل بیٹھ کر تنازعہ کے حل اور تصفیہ کرنے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس دوران ورکنگ جرنلسٹس کے حل طلب مسائل کو لے کر بامعنی گفت وشنید ہوئی جس میں صحافیوں اور محکمہ اطلاعات کے درمیان غلط فہمی کی بنیاد پر ناخوشگوار واقعہ کو اتفاق رائے سے حل کرنے کے حوالہ سے اس کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ اس دوران سیکرٹری اطلاعات محترمہ مدحت شہزاد نے (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

بجلی کرنٹ سے جاں بحق غریب
ملازم کے ورثاء کو مالی مدد نہ مل سکی

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بجلی کا کرنٹ لگ کر فوت ہونے والے غریب ملازم کو وزیراعظم کے اعلان کردہ پانچ لاکھ روپے کی رقم تا حال نہ مل سکی متوفی ملازم کا والد دھر دھر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور چار سال گزرنے کے بعد بھی (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

عمران خان اب بھی مودی کی تعریفیں کر رہے ہیں، شیری رحمان

چیئرمین پی ٹی آئی اب بھی کہہ رہے کہ مودی ہی مسئلہ کشمیر حل کر سکتا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ ایک طرف چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، نریندر مودی کو دنیا کے سامنے بے نقاب کر رہے دوسری طرف عمران خان ابھی بھی مودی کی تعریفیں کر رہے ہیں۔ عمران خان اب بھی کہہ رہے کہ مودی ہی مسئلہ کشمیر حل کر سکتا ہے۔ عمران خان شاید 5 اگست 2019 کا سیاہ ترین دن بھول گئے ہیں؟۔ ان خیالات کا اظہار شیری رحمان نے منگل کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ شیری رحمان نے کہا کہ عمران (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے 31 سال بعد بلدیاتی الیکشن کروا کر تاریخ رقم کی، میر اکبر

آزاد کشمیر میں اپوزیشن ملکر بھی ہماری حکومت گرا نہیں سکتی، آئندہ انتخابات میں پاکستان میں بھی عمران خان کی حکومت آئے گی

،باغ میں پی ٹی آئی نے میونسپل کارپوریشن اور ڈسٹرکٹ کونسلر کے امیدواران نے بھرپور کامیابی حاصل کی، وزیر حکومت کا خطاب

باغ (محمود راتھر سے) وزیر حکومت سردار میر اکبر خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی الیکشن میں باپ بیٹے کو شکست کے ساتھ پی ڈی ایم کو بھی باغ سے فارغ کر دیا ہے، باغ میں پی ٹی آئی نے میونسپل کارپوریشن اور ڈسٹرکٹ کونسلر کے امیدواران نے بھرپور کامیابی حاصل کی ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان 31 سال کے بعد الیکشن کروا کر تاریخ رقم کی ہے، تنویر الیاس کو اپوزیشن کی تمام جماعتیں عدم اعتماد کی دھمکیاں دیتے تھے لیکن اس مرد مجاہد نے حکومت کی پروانہ کیے بغیر الیکشن کروا دیئے، اور پی ٹی آئی پورے آزاد کشمیر میں بلدیاتی الیکشن جیت کر عمران خان کے ویژن کو تقویت پہنچائی ہے، آزاد کشمیر میں (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)



مظفرآباد: ۔ چیف ایڈمنسٹریٹر زکوۃ و عشر چوہدری رزاق کو ایڈمنسٹریٹر زکوۃ ڈاکٹر قدسیہ بتول بریفنگ دے رہی ہیں۔

حادثات قابل تشویش، والدین بچوں پر توجہ دیں اور بہتر تربیت کو یقینی بنائیں، مفتی عبدالخالق

حادثات میں جاں بحق ہونے والے بچے بغیر لائسنس اور ہیلمٹ موٹر سائیکل چلاتے ہیں جس کی وجہ سے اموات واقع ہوتی ہیں

والدین اپنے بچوں پر توجہ دیں اور کم عمری میں موٹر سائیکل نہ لے کر دیں تا کہ حادثات اور قیمتی جانوں کے ضیاع سے بچا جا سکے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) خطیب مرکزی جامع مسجد راولاکوٹ، جمعیت علما اسلام کے سرپرست اعلی مولانا مفتی عبدالخالق خان نے کہا ہے کہ والدین اپنے بچوں کو بہتر تربیت کی فراہمی کو یقینی بنائیں، آئے روز حادثات میں والدین کی لاپرواہی اور کوتاہی بھی شامل ہے، مختلف موٹر سائیکل حادثات میں جاں بحق ہونے والے بچے بغیر لائسنس اور ہیلمٹ موٹر سائیکل چلاتے ہیں جس کی وجہ سے اموات واقع ہوتی ہیں، والدین اپنے بچوں پر توجہ دیں اور کم عمری میں موٹر سائیکل نہ لے کر دیں تا کہ حادثات اور قیمتی جانوں کے ضیاع سے بچا جا سکے اس موقع پر انہوں نے حادثاتی موت پر جاں بحق ہونے والے طلبہ (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

مقبوضہ کشمیر، کسی بھی عمارت کو سیل
اور مسمار کیا جا سکے گا، پولیس سربراہ

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر پولیس نے اعلان کیا ہے کہ عسکریت پسندی کو فروغ دینے کے جواز میں کسی بھی عمارت کو (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

محکمہ ابریشم کے سینئر آفیسر محمد رضوان ڈائریکٹر تعینات

موصوف چین سے متعلقہ شعبہ میں ٹیکنیکل کورس بھی کر چکے ہیں

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سیکرٹریٹ صنعت و تجارت، معدنی وسائل، پرنٹنگ پریس اور سریکلچر نے محکمہ ابریشم کے سینئر موسٹ آفیسر انٹومالوجسٹ بی-18 محمد رضوان اللہ خان کو ڈائریکٹر ابریشم بی-19 کا چارج تفویض کر دیا۔ محمد رضوان اللہ (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

پانیولہ اور نواحی علاقہ جات میں خشک سردی کے باعث موسمی بیماریوں کا پھیلاؤ، ادویات کی کمی

بچے بوڑھے اور جوان نزلہ زکام کھانسی نمونیہ بخار اور گلے کے درد جیسی بیماریوں میں مبتلا ہو گئے، مریضوں کی تعداد میں اضافہ

موسمی بیماریوں سے بچنے کے لئے صبح شام اور رات کے اوقات میں گھروں سے غیر ضروری باہر نہ نکلیں، طبی ماہرین کی ہدایت

پانیولہ (نامہ نگار) پانیولہ اور اس کے تمام نواحی علاقوں میں خشک سردی کے باعث موسمی بیماریاں زور پکڑ گئیں بچے بوڑھے اور جوان نزلہ زکام کھانسی نمونیہ بخار اور گلے کے درد جیسی بیماریوں میں مبتلا ہو گئے اس علاقے کے تمام مراکز صحت میں مریضوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہونے لگا جن میں ادویات کا کوٹہ حسب سابق اور مریض بڑھ گئے گزشتہ ماہ سے ان بارانی علاقوں میں بارش نہ ہونے سے جہاں پانی کے زیرزمین ذخائر میں کمی واقع ہو رہی ہے وہیں خشک سردی فضائی آلودگی موسمی بیماریوں میں بھی شدت سے اضافہ ہوتا جا رہا ہے مراکز صحت میں مریضوں کی تعداد بڑھ گئی جن میں اکثر نمونیہ بخار (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: ۔ ایم این سی ایچ ملازمین کے ہڑتالی کیمپ میں اپیکا آزاد کشمیر کے مرکزی صدر و دیگر یکجہتی کیلئے شریک ہیں۔

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں
پہلے نمبر پر

لاہور (صباح نیوز) لاہور کی فضا میں آلودگی ایک بار پھر حد سے تجاوز کر گئی لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی ٹاپ ٹین لسٹ میں ایک بار پھر صف اول پر آ گیا۔ ائیر کوالٹی انڈیکس (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے عالمی برادری کردار ادا کرے

نوجوانوں، بچوں، بوڑھوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، فریدہ بہن جی

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کو حل کرانے اور بھارتی قابض فوجیوں کو مقبوضہ کشمیر میں حقوق انسانی کی پامالیوں کو روکنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں تا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔ حریت کانفرنس کے رہنماؤں مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج کے ہاتھوں روزانہ کی بنیاد پر کشمیری نوجوانوں (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

الخدمت فاؤنڈیشن ذہین مستحق طلبہ کیلئے ہر سال سکالرشپس کا انتظام کر رہی ہے، راجہ جہانگیر

الخدمت طلباء کی کیریئر کونسلنگ اور تربیت کا اہتمام بھی کرتی ہے تا کہ وہ درست شعبے کا انتخاب کر کے بہترین کارکردگی دکھا سکیں

مجموعی طور پر 4 ہزار سے زائد طلبہ الخدمت پاکستان کے اس پروگرام سے مستفید ہو چکے ہیں، منعقدہ سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (کے این این) الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے صدر راجہ جہانگیر خان نے کہا ہے کہ الخدمت آزاد کشمیر ذہین اور مستحق طلبہ کے لیے ہر سال سکالرشپ کا انتظام کر رہی ہے، مجموعی طور پر 4 ہزار سے زائد طلبہ الخدمت پاکستان کے اس پروگرام سے مستفید ہو چکے ہیں، الخدمت نہ صرف طلبہ کو سکالرشپ دیتی ہے بلکہ ان کی کیریئر کونسلنگ اور تربیت کا اہتمام بھی کرتی ہے تا کہ وہ درست شعبے کا انتخاب کر کے بہترین کارکردگی دکھا سکیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے زیر اہتمام سکالرشپ پروگرام کے تحت طلبہ و طالبات کے اعزاز میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

For Daily Kashmir Dharti News Update
Follow u On
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti / zoom
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com